تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | پیر 11 مئی 2026، 22 ذی القعدہ 1447ھ | صفحات 06 | قیمت 30 روپے | شمارہ: 269

شرک سے بالاتر

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اللہ کا حکم (یعنی عذاب گویا) آ ہی پہنچا تو (کافرو) اس کے لئے جلدی مت کرو۔ یہ لوگ جو (اللہ کا) شریک بناتے ہیں وہ اس سے پاک اور بالاتر ہے O وہی فرشتوں کو پیغام دے کر اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس کے پاس چاہتا ہے بھیجتا ہے کہ (لوگوں کو) بتا دو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو مجھی سے ڈرو O

(سورۃ نحل 16..... ترجمہ آیت (1-2)..... (قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کا احترام آپ پر لازم ہے)

ایرانی آئل ٹینکروں پر حملہ ہوا تو امریکی اڈے بھی محفوظ نہیں رہیں گے، پاسدارانِ انقلاب

امریکی تنصیبات اور جنگی جہازوں کے لیے خطرے کی گھنٹی، امریکا کی پاکستان کے ذریعے ایران کو جنگ بندی کی نئی پیشکش، سمندری راستوں اور تیل کی برآمدات کے تحفظ کے لیے ہر حد تک جائیں گے، ایران کا اعلان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے امریکا کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایرانی آئل ٹینکروں کو نشانہ بنایا گیا تو خطے میں موجود امریکی فوجی اڈے، تنصیبات اور دیگر اہداف بھی محفوظ نہیں رہیں گے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق آئی آر جی سی ایروسپیس فورس کے کمانڈر نے اپنے بیان میں کہا کہ ایران کے میزائل سسٹمز اور جدید ڈرون مکمل طور پر تیار ہیں اور کسی بھی جارحانہ اقدام کا فوری اور مؤثر جواب دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 1)

شفافیت اور مضبوط مالیاتی حکمرانی معاشی استحکام کے لیے ناگزیر ہیں

اسحاق ڈار کا ساؤتھ ایشین فیڈریشن آف اکاؤنٹنٹس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ شفافیت، جوابدہی اور مضبوط مالیاتی حکمرانی پائیدار اقتصادی ترقی، سرمایہ کاروں کے اعتماد اور معاشی (بقیہ نمبر 2)

معرکہ حق نے قوم کی عزت اور وقار کو بلند کیا، اورنگزیب کھچی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی (بقیہ نمبر 3)

پاک۔چین دوستی معاشی شراکت داری کے نئے دور میں داخل

وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان معاشی استحکام و صنعتی ترقی کی جانب گامزن ہے، ہارون اختر خان

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ پاک۔چین دوستی معاشی شراکت داری کے نئے دور میں داخل ہو چکی ہے، (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر معرکہ حق تقریب میں شریک ہیں

ہر پاکستانی کے خون کا بدلہ لیں گے، فیلڈ مارشل

معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص میں اللہ تعالیٰ کی رضا سے پاکستان، عوام اور مسلح افواج کو ایک بے مثال کامیابی ملی، معرکہ حق دو نظریات کے درمیان ایک فیصلہ کن معرکہ تھا جس میں حق فتح یاب اور باطل ہزیمت سے دوچار ہوا

ایران اور امریکہ بالخصوص ڈونلڈ ٹرمپ کے اعتماد پر انتہائی مشکور ہیں، انہوں نے مشکل کام کیلئے پاکستان پر اعتماد کیا، ہم اس اعتماد پر پورا اُتریں گے، آج دنیا میں ہمارے دستوں کی تعداد ماضی کے کئی ادوار سے زیادہ ہے معرکہ حق کی تقریب سے خطاب

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سابق چیئرمین رویت ہلال کمیٹی مفتی منیب الرحمان، پیر حسان حبیب شاہ کا گروپ فوٹو

راولپنڈی (یو این پی) چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ آج پاکستان اپنی مؤثر، ذمہ (بقیہ نمبر 7)

وزیر اعظم شہباز شریف 23 تا 25 مئی چین کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم شہباز شریف 23 سے 25 مئی تک چین کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی چینی صدر شی جن پنگ اور وزیر اعظم لی چیانگ سے ملاقاتیں متوقع ہیں۔ وہ پاکستان اور چین کے درمیان تعلقات کے 75 برس مکمل ہونیکی (بقیہ نمبر 8)

معرکہ حق کی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر ترکیہ میں قائم پاکستانی سفارتخانہ میں خصوصی تقریب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) معرکہ حق کی عظیم فتح کا ایک سال مکمل ہونے پر ترکیہ (بقیہ نمبر 10)

9 مئی واقعات پاکستانی تاریخ کا سیاہ باب ہیں: شیری رحمٰن

اداروں پر حملے دراصل پاکستان پر حملہ تھے، بھٹو کی شہادت پر کارکنوں نے خود کو جلایا پر حملہ نہیں کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پیپلز پارٹی کی نائب صدر شیری رحمٰن نے 9 مئی واقعات کو پاکستان کی تاریخ کا سیاہ باب قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ 9 مئی واقعات ملکی سالمیت اور قومی یکجہتی (بقیہ نمبر 22)

واشنگٹن: طیارہ رن وے پر موجود شخص سے ٹکرا گیا

احتیاطی تدابیر کے طور پر تمام مسافروں کو بحفاظت طیارے سے نکال لیا گیا

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکا کے ڈینور ایئر پورٹ پر طیارہ روانگی کے دوران رن وے پر موجود شخص سے ٹکرا گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق حادثے کے بعد ایئر لائن کو طیارے کے (بقیہ نمبر 21)

کراچی، خاتون اول و ایم این اے بی بی آصفہ بھٹو زرداری اور پیپلز پارٹی خواتین ونگ کی مرکزی صدر فریال تالپور ایم این اے اعجاز جاکھرانی سے ان کے بیٹے کے انتقال پر تعزیت کر رہی ہیں

وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام سے سکردو-4 روندو سے تعلق رکھنے والے سابق وزیر وزیر حسن کی ملاقات

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان و صدر (بقیہ نمبر 23)

پی پی 159 میں "مارکہ حق ریلی" عوامی قوت کا بھرپور مظاہرہ، نعرے فضا میں گونجتے رہے

رانا عمران منج پُرجوش قافلے کے ہمراہ شریک، افواجِ پاکستان اور مسلم لیگ (ن) سے اظہارِ یکجہتی

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب کے حلقہ انتخاب پی پی 159 میں منعقدہ "مارکہ حق ریلی" عوامی شرکت اور جوش و خروش کے اعتبار سے ایک نمایاں اجتماع ثابت ہوئی، جس میں (بقیہ نمبر 24)

قطر سے سستی ایل این جی ملنے کی امید، پاکستان نے کم ترین بولیاں مسترد کر دیں

پی ایل ایل نے بی پی سنگاپور اور ٹوٹل انرجیز کی جانب سے دی گئی کم ترین بولیوں کو مسترد کیے جانے سے متعلق آگاہ کر دیا

قطر سے ایل این جی برینٹ خام تیل کی قیمت کے 13.37 فیصد نرخ پر مل سکتی ہے قطر سے مثبت اشارے بھی موصول ہوئے ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان نے فی الحال ایل این جی اسپاٹ کارگوز کی خریداری نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کو قطر سے مزید سستی ایل این جی ملنے کی امید ہے۔ پی ایل ایل نے بی پی سنگاپور اور ٹوٹل انرجیز کی جانب سے دی گئی کم ترین بولیوں کو مسترد کیے (بقیہ نمبر 25)

وفاقی وزیر احد چیمہ کی زیر صدارت اہم اجلاس، آئندہ بجٹ میں برآمدات کے فروغ کے لئے مجوزہ سکیم کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ کی (بقیہ نمبر 26)

پی ٹی آئی نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ عوامی استحصال قرار دے دیا

حکمرانوں نے عوام کو مہنگائی کے سمندر میں ڈبونے کا فیصلہ کر لیا ہے، اسد قیصر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) تحریک انصاف نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کو عوامی استحصال قرار دیتے ہوئے فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ اسد قیصر نے کہا مہنگائی (بقیہ نمبر 27)

حکومت نے پیٹرولیم لیوی بھی بڑھا دی، مٹی کا تیل 41.80 روپے لیٹر سستا

وفاقی حکومت نے آئندہ ہفتے کے لیے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر اضافے کے بعد نئی قیمت 414 روپے 58 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی حکومت نے آئندہ ہفتے کے لیے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 15 روپے فی لیٹر اضافے کے بعد نئی قیمت 414 روپے 58 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح موٹر اسپرٹ (بقیہ نمبر 28)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا

متفرق درخواست جوڈیشل ایکٹوازم پینل کیسر براہ اظہر صدیق نے دائر کی

لاہور (سی ایم لنکس) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ متفرق درخواست جوڈیشل ایکٹوازم پینل کیسر براہ اظہر صدیق (بقیہ نمبر 29)

مہنگائی کنٹرول کیے بغیر عوام کو ریلیف دینا ممکن نہیں، نواز شریف

وزیر اعظم شہباز شریف نے جاتی امراء میں مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف سے اہم ملاقات کی جس میں سیاسی صورتحال اور اہم حکومتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر ن لیگ نواز شریف کے درمیان ملاقات کے موقع پر نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی موجود تھے

فیصل آباد، وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی و عوامی امور سینیٹر رانا ثناءاللہ خان ہفتہ کی رات دیر گئے مارکہ حق کی تاریخی کامیابی کا ایک سال مکمل ہونے پر یادگاری تقریب کے دوران عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں۔

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعظم شہباز شریف نے جاتی امراء میں مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف سے اہم ملاقات کی (بقیہ نمبر 30)

شاہینوں نے دشمن کے گھر میں گھس کر جو دھاک بٹھائی پوری دنیا اس کی معترف ہے، عبدالعلیم خان

لاہور (یو این پی) معرکہ حق بنیان مرصوص کا ایک سال مکمل ہونے پر وفاقی (بقیہ نمبر 31)

پاکستان کو اب معرکہ معیشت جیتنا ہوگا، احسن اقبال

ملک کی اصل طاقت مضبوط معیشت، پیداواری صلاحیت اور عالمی منڈیوں میں موثر موجودگی سے وابستہ ہے

معرکہ حق میں کامیابی کے بعد پاکستان کو معاشی خودمختاری کی جنگ جیتنا ہوگی، احسن اقبال کا سافما سمٹ سے خطاب

لاہور (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں کامیابی کے بعد اب پاکستان کو معاشی خودمختاری کی جنگ جیتنے کے لیے قومی اتحاد، سیاسی استحکام، پالیسیوں کے تسلسل اور برآمدات میں غیر معمولی اضافے کی ضرورت (بقیہ نمبر 32)

مریم نواز کا سوہنا پنجاب" پروگرام کے تحت ترقیاتی کام تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، ذیشان رفیق

بیشتر مقامات پر انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینکس کی تعمیر آخری مراحل میں ہے

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ "مریم نواز کا سوہنا پنجاب" پروگرام کے تحت 52 شہروں میں ترقیاتی کام تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ بیشتر (بقیہ نمبر 33)

ڈیرہ اسماعیل خان: پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما سردار ملک اقبال ایسر چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد سے میانخیل ہاس میں ملاقات کر رہے ہیں۔

روس ہمیشہ فتح اور حق کیساتھ، یوکرین میں آگے بڑھ رہے ہیں، صدر پوتن

مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہے کہ روس اور یوکرین کے درمیان 3 روز (9، 10 اور 11 مئی) کے لیے جنگ بندی ہوگی

روس میں تقریبات یوم فتح کے حوالے سے منائی جا رہی ہیں لیکن یوکرین بھی دوسری جنگ عظیم میں ایک اہم کردار ادا کرنے والا ملک تھا، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس اور یوکرین کے درمیان 3 روز کے لیے جنگ بندی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک ایک، ایک ہزار قیدیوں کا تبادلہ کریں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹرتھ سوشل پر بیان میں کہا کہ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہے کہ روس اور یوکرین کے درمیان 3 روز (بقیہ نمبر 12)

محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا 52 واں اجلاس

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس میں شرکت کی

لاہور (سی ایم لنکس) محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا 52 واں اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس میں شرکت کی (بقیہ نمبر 11)

کراچی کی تباہی کا ذمہ دار صرف پیپلز پارٹی نہیں، مسلط کرنیوالے بھی ہیں

نعیم الرحمٰن

حکومت نے پیٹرول کو کمائی کا ذریعہ بنایا ہوا ہے، حکمراں عالمی مارکیٹ کا نام لیتے ہیں اور بھاری لیوی عوام سے وصول کر رہے ہیں

پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، فی لیٹر 150 روپے سے زائد ٹیکسز و لیوی وصول کی جا رہی ہے

سفیر عبدالرحمٰن نظامانی پاکستان ایمبیسی، کابل میں منعقدہ یونین المہروس کی پہلی برسی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

لاہور (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کا کہنا ہے کہ حکومت نے پیٹرول کو کمائی کا ذریعہ بنایا ہوا ہے۔ پیٹرولیم (بقیہ نمبر 13)

اوورسیز پاکستانیوں کے پراپرٹی کے مقدمات اسپیشل کورٹس سنیں گی: لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور ہائی کورٹ نے اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں سے متعلق کیسز کے حوالے سے اہم فیصلہ سنا دیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے مطابق اوورسیز پاکستانیوں (بقیہ نمبر 14)

جائیداد ویلیوایشن، ٹیکس محتسب اور صدر کے فیصلے چیلنج

اسلام آباد ہائی کورٹ میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے جائیدادوں کی ویلیوایشن سے متعلق معاملات میں وفاقی ٹیکس محتسب کے ازخود نوٹس اور صدر پاکستان کے فیصلے کو چیلنج کرتے ہوئے رٹ پٹیشن دائر کر دی

عدالت نے کیس کی ابتدائی سماعت کے دوران صدر پاکستان کو بذریعہ پرنسپل سیکریٹری اور وفاقی ٹیکس محتسب سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائی کورٹ میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے جائیدادوں کی ویلیوایشن سے متعلق معاملات میں وفاقی ٹیکس محتسب کے ازخود نوٹس اور صدر پاکستان کے فیصلے کو چیلنج کرتے ہوئے رٹ پٹیشن دائر کر دی۔ عدالت نے کیس کی ابتدائی سماعت کے دوران صدر (بقیہ نمبر 16)

چوہدری شافع حسین پنجاب میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لئے سرگرم عمل، چین کا دورہ

بڑے سرمایہ کار گروپوں سے پنجاب میں سرمایہ کاری کے حوالے سے بات چیت

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین پنجاب میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ انہوں نے چین کا دورہ کیا جہاں ٹیکسٹائل، (بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد، وفاقی دارالحکومت کے ہفتہ وار H-9 بازار میں بنیان المرصوص کی فتح کی سالگرہ کے موقع پر ایک بہت بڑا بینر آویزاں ہے۔

امریکہ نے افغانستان کو دہشتگردی کا سب سے بڑا مرکز قرار دیدیا

طالبان رجیم کی دہشتگردوں کی پشت پناہی اور افغان سرزمین پر عالمی دہشتگرد گروہوں کی موجودگی پر عالمی برادری شدید تحفظات کا اظہار کر چکے

امریکا کی سالانہ انسدادِ دہشتگردی رپورٹ میں افغانستان اب بھی دہشتگردی کیخطرات کا سب سے بڑا مرکز قرار دیا گیا، افغانستان میں ایبی گیٹ حملیکے ماسٹر مائنڈ کو 43 دن کے اندر گرفتار کیا گیا

واشنگٹن (سی ایم لنکس) طالبان رجیم کی دہشتگردوں کی پشت پناہی اور افغان سرزمین پر عالمی دہشتگرد گروہوں کی موجودگی پر عالمی برادری شدید تحفظات کا اظہار کر چکے ہیں۔ امریکا کی سالانہ انسدادِ دہشتگردی رپورٹ میں افغانستان اب بھی دہشتگردی کیخطرات کا سب سے بڑا مرکز قرار دیا گیا ہے۔ امریکا کی انسداد دہشتگردی 2026 کے مطابق افغانستان میں ایبی گیٹ حملیکے ماسٹر مائنڈ کو 43 دن کے اندر گرفتار کیا گیا، حملے میں 13 فوجی اہلکار ہلاک ہوگئے تھے۔ ایبی گیٹ حملے کے ماسٹر مائنڈ کو پاکستان نیکر فتار کر کے امریکا کے حوالے کیا تھا جس پر صدر ٹرمپ نیپاکستان کا شکریہ ادا کیا تھا۔ امریکا نیالقاعدہ، (بقیہ نمبر 17)

ماضی میں پروپیگنڈا بہت کیا جاتا تھا، لیکن ایک اینٹ بھی نہیں لگائی گئی، وزیر دفاع

سیالکوٹ میں کئی ترقیاتی منصوبے چل رہے ہیں، شہباز شریف نے ڈی ایچ کیو کا منصوبہ 2017ء میں منظور کیا تھا

سیالکوٹ (سی ایم لنکس) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ ماضی میں پروپیگنڈا بہت کیا جاتا تھا، لیکن ایک اینٹ بھی نہیں لگائی گئی۔ سیالکوٹ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 19)

سپریم کورٹ: 20 سال پرانے قتل کے ملزم کی عمر قید کالعدم، رہا کرنے کا حکم

عدالتِ عظمیٰ کے جسٹس اشتیاق ابراہیم کا تحریر کردہ 8 صفحات پر مشتمل حکم نامہ جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ آف پاکستان نے 20 سال قبل درج ہونے والے قتل کے مقدمے میں ملزم محمد اقبال کو سنائی گئی عمر قید کی سزا کالعدم قرار دے دی۔ عدالتِ عظمیٰ (بقیہ نمبر 18)

پاکستان معاشی استحکام سے ترقی کی جانب بڑھ رہا ہے، مشیر خزانہ خرم شہزاد

رواں مالی سال کے دوران کارپوریٹ منافع، صنعتی پیداوار، برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا

لاہور (یو این پی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت بتدریج استحکام سے نکل کر ترقی اور سرمایہ کاری کے نئے مرحلے میں داخل ہو رہی ہے جبکہ مختلف معاشی اشاریے مثبت سمت کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک میں کاروباری سرگرمیوں (بقیہ نمبر 20)

کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن گلبرگ جمخانہ فیڈرل بی ایریا بلاک 10 میں ٹی ایم سی گلبرگ کے تحت تعلیمی کارڈ اقدام کے باقاعدہ آغاز کے موقع پر اسکول کے بچوں کے ساتھ گروپ فوٹو۔

کوٹلی، وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

بلاول بھٹو سے پارٹی رہنماؤں کی بلاول ہاؤس میں الگ الگ ملاقاتیں

ملاقاتوں میں سندھ کی مجموعی سیاسی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، بلدیاتی نظام کی بہتری اور عوامی خدمت سے متعلق امور پر خصوصی توجہ دی گئی

پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شاہدہ رحمانی اور یوسی گلشن معمار کے چیئرمین ہلال رحمانی نے بھی بلاول ہاس میں چیئرمین پیپلز پارٹی سے ملاقات کی

کراچی (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے وزیر سندھ کے معاون خصوصی سید قاسم نوید قمر، رکن قومی اسمبلی شاہدہ رحمانی، ڈپٹی میئر حیدرآباد صغیر قریشی اور پارٹی رہنماں نے الگ الگ بلاول ہاس میں ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں سندھ کی مجموعی سیاسی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں کی رفتار، بلدیاتی نظام کی بہتری اور عوامی خدمت سے متعلق امور پر خصوصی توجہ دی گئی پیپلز (بقیہ نمبر 5)

پاکستان اور بنگلہ دیش کا منشیات کی اسمگلنگ کی روک تھام میں تعاون کا معاہدہ

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان منشیات کی روک تھام کے لیے تاریخی معاہدے پر دستخط کر دیے گئے، وفاقی وزیر داخلہ صلاح الدین احمد کے درمیان ڈھاکا میں اہم ملاقات ہوئی

وزارت داخلہ کے درمیان سیکرٹری لیول جوائنٹ ورکنگ گروپ تشکیل دینے پر اتفاق کیا، پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان منشیات کی اسمگلنگ و استعمال اور نشہ آور اشیاء کی روک تھام میں تعاون کے لیے تاریخی معاہدے پر دستخط کیے گئے

ڈھاکا (سی ایم لنکس) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان منشیات کی روک تھام کے لیے تاریخی معاہدے پر دستخط کر دیے گئے۔ وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی اور بنگلہ دیشی وزیر داخلہ صلاح الدین احمد کے درمیان ڈھاکا میں اہم ملاقات ہوئی، جس میں وزارت داخلہ کے درمیان سیکرٹری لیول جوائنٹ ورکنگ گروپ تشکیل دینے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر ماکستان اور بنگلہ دیش (بقیہ نمبر 6)

ذکر و نماز

موجودہ بشر کی تمام تر مشکلات و پریشانیوں کا سبب خدا سے دوری اور ذاتی مفاد سے وابستگی میں اضافہ اور شدت ہے، انسان کیلئے تاریکی اور جہالت سے نکلنے کا واحد راستہ نماز ہے

عبادات اوران میں بھی بالخصوص نماز کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔نماز کو دین کا ستون کہا جاتا ہے۔نماز اگر مکمل توجہ اور اپنی تمام شرائط کے ساتھ انجام دی جائے تو نہ فقط نماز گزار کے قلب وروح کو بلکہ اس کے آس پاس سارے ماحول کو نورانی اور معطر کردیتی ہے۔

نماز گزار جس قدر خضوع وخشوع کے ساتھ نماز ادا کرے گا اتنا ہی خود پرستی، خودخواہی، خودغرضی، حسد، بغض، کینہ وغیرہ جیسی صفات رذیلہ کی قید سے آزاد ہوتا چلا جائے گا اور اتنا ہی اس کے چہرے کی نورانیت میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔موجودہ بشر کی تمام تر مشکلات و پریشانیوں کا سبب خدا سے دوری اور ذاتی مفاد سے وابستگی میں اضافہ اور شدت ہے۔نماز انسان کو ظلمتوں اور تاریکیوں سے آزاد کراتی ہے۔اس کے غیض وغضب اور شہوات وہواو ہوس کو مغلوب کر کے اسے تقرب الٰہی اور امور خیر یہ کی طرف راغب کرتی ہے۔

نماز سکون قلب کی باعث ہے: خدا کی طرف سے انسان پر عائد کردہ وظائف اور عبادات میں سے نماز کو قرآن کریم نے سرفہرست قرار دیا ہے۔ اگر نماز میں سے اہداف نظام اسلامی کی مہک نہ آرہی ہوتی تو ایک اہم مقام نہ رکھتی اور اس کے متعدد ومختلف بنیادی فائدے نہ ہوتے تو قطعاً اسلام میں نماز سے متعلق اس حد تک تاکیدات موجود نہ ہوتیں۔

حقیقت یہ ہے کہ نماز اپنی تمام افادیت اور فوائد کے ساتھ فقط ایک وظیفہ شخصی نہیں ہے بلکہ یہ فرد کے ساتھ ساتھ سارے معاشرے کو رشد وارتقا بخشنے میں ایک اہم رول ادا کرتی ہے۔تمام واجبات میں جس قدر تاکید اس واجب کے لئے کی گئی ہے وہ بے مثال ہے حتی کہ والدین پر واجب ہے کہ اپنے بچوں کو بچپنے سے ہی نماز سے آشنا و مانوس کریں۔یہ تمام تاکیدات صرف اور صرف اسی لئے ہیں کہ نماز فرد کے ساتھ ساتھ سارے معاشرے کو اس قابل بناتی ہے کہ معاشرہ دوسرے تمام وظائف کا بار بھی اپنے کاندھوں پر اٹھا سکے۔ان تمام پہلوؤں کے پیش نظر نماز کو اعلیٰ ترین عمل فرض کرنا چاہیے اور صدائے حی علی الفلاح کو ایک حکمت آمیز صدا تصور کرنا چاہیے۔نماز ہی ہے جو ایثار، اخلاص، توکل بر خدا اور تعبد جیسی صفات انسان کے اندر پیدا کرتی ہے اور اس کو اس لائق بناتی ہے کہ انسان دوسرے دشوار ترین واجبی امور وغیرہ کی انجام دہی پورے جوش وخروش سے انجام دے سکے اور شجاعانہ طور پر اس الٰہی وادی میں داخل ہوئے۔

آج کا زمانہ الیکٹرونک زمانہ ہے۔جس کا اثر یہ ہے کہ انسان مختلف مسائل و مشکلات کا شکار ہو گیا ہے۔ بشریت کی کوشش یہ ہے کہ فردی اور اجتماعی زندگی کو مشینی حرکتوں سے ہم آہنگ کیا جائے۔صلہ رحمی، مروت، ایثار، محبت اور نہ جانے کتنی دوسری اخلاقی صفات واقدار اس مشینی نظام زندگی کی بھینٹ چڑھتی جا رہی ہیں۔گھروں میں محبت آمیز فضا آہستہ آہستہ اپنی رنگت چھوڑتی جارہی ہے۔

گذشتہ چند برسوں سے انسانیت کا درد رکھنے والے بعض افراد اس سمت میں متوجہ کرتے رہے ہیں لیکن افسوس ناک بات یہ ہے کہ ابھی تک کروڑوں افراد مخصوصا جو اس جہنم میں خود کو جلا رہے ہیں، انھیں اس سے باہر نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہیں آرہا ہے۔

اسی وجہ سے آج گذشتہ زمانوں سے کہیں زیادہ خداوند کریم سے معنوی رابطہ قائم کرنے کی ضرورت ہے اور اس سلسلے میں نماز آسان ترین اور موثر ترین ذریعہ ہے جو ہمیں ان اخلاقی اور سماجی مشکلات سے باہر نکال سکتی ہے۔

اہتمام نماز: اہتمام نماز سے مراد فقط یہ نہیں ہے کہ مومنین وصالحین حضرات نماز بجالائیں اور بس۔یہ کوئی ایسا فعل نہیں ہے کہ جس پر حکومت اسلامی کی تشکیل منحصر ہو بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ نماز کو معاشرہ کا ایک حصہ بنا دیا جائے جہاں ہر شخص نماز کے اسرار ورموز سے واقفیت رکھتا ہو۔معنویت اور الٰہی ذکر وعبادت کی روشنی و نورانیت سارے معاشرے کو روشن ومنور کرے اور نماز کا وقت نزدیک آتے ہی سارے مردوزن نماز کی طرف ذوق وشوق کے ساتھ دوڑ جائیں اور دامن نماز میں ایک طرح کا قلبی وروحی سکون حاصل کریں۔

نماز: دین کا ستون: نماز دین کا حقیقی ستون ہے۔لہٰذا ضروری ہے کہ ہماری زندگی میں نماز کو اس کا حقیقی مقام و مرتبہ دیا جائے۔دین کے سائے میں انسان کو حیات طیبہ صرف اسی صورت میں حاصل ہوسکتی ہے جب وہ اپنے قلب کو یاد خدا سے زندہ اور روشن رکھے کیونکہ انسان صرف اسی ذریعہ سے تمام اقسام کے فساد وشر سے مقابلہ کرسکتا ہے نیز ظاہری اور باطنی شیطانوں کو مغلوب کر سکتا ہے اور یہ دائمی ذکر اور خضوع وخشوع فقط نماز کی برکت ہی سے حاصل ہوسکتا ہے۔نماز ایک ایسی حقیقت ہے جو انسان کو اپنے نفس پر غلبہ حاصل کرنے میں نہایت قوت وقدرت عطا کرتی ہے۔

نماز سے بڑھ کر ایسا کوئی ذریعہ یا وسیلہ نہیں ہے جو انسان وخدا کے درمیان رابطے کو مستحکم تر یا قوی تر کر سکے۔ایک عام انسان بھی اگر خدا کے ساتھ اپنے رابطے کو استوار کرنا چاہتا ہے تو نماز ہی سے شروعات کرتا ہے۔

انسان کو ہمیشہ نماز کی ضرورت: ایسی نماز جو اپنی تمام تر شرائط کے ساتھ بجالائی جائے، انسان کو صراط مستقیم کی طرف ہدایت کرتی ہے، اس کے پژمردہ قلب کو جلا بخشتی ہے، اس کی ناامیدیوں کو یقین میں تبدیل کرتی ہے ساتھ ہی اس کی زندگی کو بامقصد بھی بناتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ نماز تمام حالتوں خواہ جنگ کا میدان ہو یا گھر کا عیش و آرام، میں فرض ہے۔انسان ہمیشہ نماز کا محتاج ہے مخصوصا مسائل و مشکلات سے دوچار ہوتے وقت۔

حقیقت یہ ہے کہ ابھی تک ہمارے سامنے نماز کی اہمیت و منزلت صحیح وحقیقی طور پر بیان ہی نہیں ہوسکی ہے اور اسی لئے ہمارے یہاں نماز کو جو مقام ملنا چاہئے تھا نہیں مل سکا۔علما کی ذمہ داری ہے کہ وہ مخصوصا جوانوں کے سامنے نماز کے اسرار ورموز کو بیان کریں۔انہیں نماز کی منزلت وفوائد بتائیں۔یہ نماز ہی کا خاصہ ہے کہ ایک بچے سے لیکر ایک عالم تک نماز کی ضرورت محسوس کرتا ہے۔عبادت رسول اسلامؐ: رسول اکرمؐ اپنی تمام تر عظمت ومنزلت کے باوجود ہر گز عبادت سے غافل نہیں رہتے تھے۔رات کے پچھلے پہر میں گریہ وزاری اور مناجات واستغفار آپکا دائمی شیوہ تھا۔

یہ ہمارے لئے ایک درس ہے۔ہر حال میں خواہ مصائب کا سامنا ہو یا خوشیوں کا، اچھے حالات ہوں یا برے، خدا ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے اور اسی سے مدد مانگنا چاہئے نیز اسی پر توکل کرنا چاہئے۔یہی وہ اہم درس ہے جو رسول خداؐ ہمیں دے گئے ہیں۔

> نماز دین کا حقیقی ستون ہے۔لہٰذا ضروری ہے کہ ہماری زندگی میں نماز کو اس کا حقیقی مقام ومرتبہ دیا جائے۔دین کے سائے میں انسان کو حیات طیبہ صرف اسی صورت میں حاصل ہوسکتی ہے جب وہ اپنے قلب کو یاد خدا سے زندہ اور روشن رکھے کیونکہ انسان صرف اسی ذریعہ سے تمام اقسام کے فساد وشر سے مقابلہ کر سکتا ہے نیز ظاہری اور باطنی شیطانوں کو مغلوب کرسکتا ہے اور یہ دائمی ذکر اور خضوع وخشوع فقط نماز کی برکت ہی سے حاصل ہوسکتا ہے

حافظ کریم اللہ چشتی

مختصر تذکرہ حیات

عاشق رسول ﷺ امام احمد رضا خان الشاہ بریلوی

جب بھی دین میں کوئی بگاڑ پیدا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے بندۂ مومن کو بھیجتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی مدد سے دین متین کا احیاء کرتا ہے۔سرکار اعظم ﷺ کی سنتوں کو زندہ کرتا ہے۔دین متین کی جو شکل مسخ کردی گئی ہوتی ہے اس کو صحیح حالت میں لا کر حق اور باطل کے درمیان فرق واضح کرتا ہے ایسے ہی خاصان خدا میں سے ایک ہستی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان صاب محدث بریلویؒ کی ذات ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلویؒ نے لوگوں کو بارگاہ خداوندی اور دربار مصطفی ﷺ کا ادب سکھایا۔آپؒ نے قرآن پاک کا جو ترجمہ "کنز الایمان" کیا ہے وہ اس بات کی گواہی دیتا ہے۔قرآن پاک کے ترجمہ کنز الایمان کا مطالعہ کیا جائے تو الحمد سے لیکر والناس تک ایک ایک آیت بلکہ ایک لفظ میں ادب کے پہلو نظر آتے ہیں۔آپؒ نے قرآن وسنت کی روشنی میں تحریراً گویا ہر لحاظ سے عظمت مصطفیٰ ﷺ کو اجاگر کر کے بتایا کہ ارے! بے ادب اور گستاخ نام نہاد مسلمانوں سنو! وہ عیب ونقص والا کوئی تمہارا نبی ہوگا ہمارا نبی ﷺ ہر قسم کے عیب سے پاک ہے۔وہ تو عظمتوں رفعتوں اور شانوں والا رسول ﷺ ہے۔

وہ کمال حسن حضور ہیں کہ گمان نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہیں یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

علم وحکمت کے بے تاج بادشاہ، مجدد دین وملت، پروانہ شمع رسالت مآب، عظیم المرتبت محدث، امام اہلسنت، مفکر اسلام، حسان الہند، اعلیٰ حضرت الشاہ امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ 10 شوال المکرم 1272 ہجری بمطابق 14 جون 1856 ہفتہ کے دن ظہر کے وقت ہندوستان کے مشہور شہر بریلی شریف کے محلہ جسولی میں رئیس المتکلمین مولانا نقی علی خان علیہ رحمۃ الرحمٰن کے گھر میں پیدا ہوئے۔آپؒ کا پیدائشی نام محمد اور تاریخی نام "المختار" ہے۔آپؒ کے جد امجد مولانا رضا علی خانؒ نے آپؒ کا نام احمد رضا رکھا اور آپؒ اسی نام سے مشہور ہوئے (الملفوظ حصہ اول ص ۳) آپؒ کے والد مولانا نقی علی خان ورآپؒ کے جد امجد مولانا رضا علی خان صاحب بھی اپنے وقت کے جلیل القدر علمائے کرام میں شمار کیے جاتے تھے۔امام اہلسنت امام احمد رضا خان بریلویؒ بچپن ہی سے مذہب کی طرف راغب تھے۔

آپؒ اپنے دور کے معتبر عالم دین اور عاشق رسول ﷺ ہونے کے ساتھ ساتھ علوم قدیمہ وجدیدہ پر گہری نظر رکھتے تھے۔آپؒ نے قرآن وسنت کی ترویج واشاعت اور دینی اقدار کے تحفظ میں اہم کردار ادا کیا۔آپؒ عالم شباب میں ہی فنون عربیہ اور علوم دینیہ کے ماہر کے طور پر مشہور ہوئے آپؒ اپنی خداداد صلاحیتوں اور حیرت انگیز حافظہ کی بناء پر صرف تیرہ سال دس ماہ چار دن کی عمر میں علم تفسیر واصول تفسیر، علم حدیث واصول حدیث، فقہ واصول فقہ، صرف نحو، علم الکلام، منطق وفلسفہ وغیرہ تمام علوم دینیہ کی تکمیل کی۔آپؒ بچپن ہی سے تقویٰ طہارت، اتباع سنت، حسن وسیرت کے اوصاف جلیلہ سے مزین ہو چکے تھے۔آپؒ کے خادم بیان کرتے ہیں کہ امام صاحب چوبیس گھنٹوں میں صرف ڈیڑھ یا دو گھنٹے آرام (وہ بھی سنت رسول ﷺ پر عمل کی وجہ سے) فرماتے اور باقی تمام وقت تصنیف وتالیف، درس وتدریس، کتب بینی، افتاء اور دیگر خدمات دینیہ میں صرف فرماتے تھے۔برصغیر کے علمائے کرام آپؒ سے استفادہ کرتے تھے۔آپؒ کو عربی فارسی ہندی اور مختلف زبانوں پر عبور حاصل تھا آپؒ نے مختلف عنوانات پر کم بیش ایک ہزار (1000) کتابیں لکھی ہیں۔آپؒ کی تصانیف تفسیر واصول تفسیر، حدیث واصول حدیث، فقہ اصول فقہ، صرف نحو، علم الکلام، منطق و فلسفہ، ادب، ریاضی، معاشرتی اصلاح، اخلاقی و روحانی اذکار، فتاویٰ اور سائنس جیسے موضوعات کا احاطہ کرتی ہیں۔آپؒ نے لاکھوں فتاویٰ لکھے ان میں سے بعض کو نقل نہیں کیا جاسکا جتنے فتاویٰ نقل کیے گئے ان کا نام "العطایا النبویہ فی الفتاویٰ رضویہ" رکھا گیا ہے

> آپؒ نے قرآن وسنت کی روشنی میں تحریراً گویا ہر لحاظ سے عظمت مصطفیٰ ﷺ کو اجاگر کر کے بتایا کہ ارے! بے ادب اور گستاخ نام نہاد مسلمانوں سنو! وہ عیب ونقص والا کوئی تمہارا نبی ہوگا ہمارا نبی ﷺ ہر قسم کے عیب سے پاک ہے۔وہ تو عظمتوں رفعتوں اور شانوں والا رسول ﷺ ہے۔

آپؒ کو علم توقیت میں اس قدر کمال حاصل تھا کہ دن کو سورج اور رات کو ستارے دیکھ کر گھڑی ملا لیتے تھے وقت بھی صحیح ہوتا تھا۔اور کبھی ایک منٹ کا بھی فرق نہ ہوا۔آپؒ نے ساری زندگی نماز باجماعت ادا کی۔آپؒ رحم دل انسان تھے غرباء کو کبھی خالی ہاتھ نہیں لوٹاتے بلکہ ان کی ہمیشہ امداد کرتے تھے۔

کروں تیرے نام پر جاں فدا نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

اعلیٰ حضرتؒ کی ساری زندگی درس وتدریس، وعظ تقریر افتاء اور تالیف وتصنیف میں بسر ہوئی۔آپؒ سرتاپا جذبہ عشق رسول ﷺ سے سرشار رہتے تھے۔آپؒ کو نبی کریم ﷺ سے والہانہ محبت تھی۔ذکر وفکر کی ہر مجالس میں تصور رسالت مآب ﷺ سے آپؒ کا ذہن شاداب رہتا تھا۔آپؒ نے دین مبین کے ہر گوشے اور ہر شعبے کو محبت رسول ﷺ میں سمو دیا۔آپؒ کی زندگی کے تمام گوشے وشعبے اتباع شریعت اور اطاعت ومحبت رسول ﷺ سے معمور تھے۔آپؒ کی حیات مبارکہ کا ایک ایک لمحہ کتاب وسنت کی پیروی میں گزرا۔آپؒ نے عالم بیداری میں محبوب خدا ﷺ کا دیدار کیا۔جب آپؒ فریضہ حج کے لئے حرمین جاتے تو وہاں کے علماء جوق در جوق آپؒ سے استفادہ کرنے آتے تھے۔جب آپؒ دوسری بار حج بیت اللہ کے لئے تشریف لے گئے تو زیارت نبوی ﷺ کی آرزو لئے روضہ اطہر کے سامنے دیر تک صلوٰۃ وسلام پڑھتے رہے مگر پہلی رات قسمت میں یہ سعادت نہ تھی اس موقع پر آپؒ نے معروف نعتیہ غزل لکھی۔

وہ سوئے لالہ زار پھرتے ہیں
تیرے دن اے بہار پھرتے ہیں
مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

آپؒ فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی میرے دل کے دو ٹکڑے کرے تو ایک پر لا الٰہ الا اللہ اور دوسرے ٹکڑے پر محمد رسول اللہ ﷺ لکھا ہوا پائے گا (سوانح امام احمد رضا) آپؒ نے اپنے شاہ کار نعتیہ کلام حمد وثناء اور نعت ومنقبت کو چار مختلف زبانوں (عربی فارسی، اردو اور ہندی) میں پیش کیا ہے۔

محسن ملت اسلامیہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان کے بارے میں فرماتے ہیں آج سے سو سال قبل جب انگریز ہندوؤں کے ساتھ ساز باز کر کے ہند کی معیشت پر قابض ہوئے تو مسلمانوں کے تشخص اور تعلیمی نظام کو زبردست دھچکا لگا استعماری طاقتوں کے مذموم عزائم کی بدولت مذہبی قدریں زوال پذیر ہونے لگی تھیں اس پر آشوب دور میں اللہ رب العزت نے برصغیر کے مسلمانوں کو امام احمد رضا جیسی باصلاحیت اور مدبرانہ قیادت سے نوازا کہ جن کی تصانیف، تالیفات اور تبلیغی کاوشوں نے شکست خوردہ قوم میں ایک فکری انقلاب برپا کردیا۔امام صاحب کی شخصیت جذبہ عشق رسول ﷺ سے لبریز تھی۔آپکی ساری زندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ بات وثوق سے کہی جاسکتی ہے کہ آپؒ کی ذات نبی کریم ﷺ کے ساتھ وفاشعاری کا نشان مجسم تھی آپ کی ہمہ جہت شخصیت کا ایک پہلو سائنس سے شناسائی بھی ہے سورج کو حرکت پذیر اور محو گردش ثابت کرنے کے ضمن میں آپؒ کے دلائل بڑی اہمیت کے حامل ہیں آج جبکہ دوسری طرف ہمارا دشمن ہمیں تباہ وبرباد کرنے کے لئے گھات میں بیٹھا ہے۔تو میں سمجھتا ہوں کہ امام صاحبؒ کی تعلیمات سے بہرور ہو کر ہم آج بھی ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن سکتے ہیں مصور پاکستان ڈاکٹر علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں؛ ہندوستان کے دور آخر میں ان جیسا طباع اور ذہین فقیہ پیدا نہیں ہوا۔میں نے ان کے فتاویٰ کے مطالعہ سے یہ رائے قائم کی ہے۔ان کے فتاویٰ ان کی ذہانت، فطانت، جودت طبع، کمال ثقاہت اور علوم دینیہ میں تبحر علمی کے شاہد عادل ہیں۔مولانا ایک دفعہ جو رائے قائم کر لیتے اس پر مضبوطی سے قائم رہتے تھے۔یقیناوہ اپنی رائے کا اظہار بہت غور وفکر کے بعد کیا کرتے تھے۔لہٰذا انہیں اپنی شرعی فیصلوں اور فتاویٰ میں کبھی کسی تبدیلی یا رجوع کی ضرورت نہیں پڑی۔(حوالہ ہفت روزا فق کراچی 22 تا 28 جنوری 1979)

مولانا سیف اللہ

رشتہ داروں کے حقوق

قرآن وحدیث کی روشنی میں

معاشرہ کی اصلاح وفلاح دراصل باہمی حقوق کی نگہداشت تعلق وقرابت کی پاسداری ایک دوسرے کے ساتھ حسن سلوک اور احسان وبھلائی کے برتاؤ پر منحصر ہے۔جب تک معاشرہ کے افراد باہمی حقوق کی رعایت نہیں کریں گے اس وقت تک معاشرہ چین وسکون کی نعمت سے محروم اور بدامنی وباہمی نفرت کا شکار رہے گا۔ایک گھر میں رہنے والے افراد اور ایک ہی خاندان کے اشخاص جب تک باہمی حقوق کا لحاظ نہیں رکھیں گے تو وہ گھر وخاندان خوشحالی کی زندگی سے محروم رہے گا۔شریعت مطہرہ نے تمام بنی نوع انسان کو باہمی حسن سلوک قائم کرنے بدسلوکی سے بچنے اہل قرابت اور رشتہ داروں کے باہمی حقوق ادا کرنے اور قطع رحمی اور بدسلوکی سے بچنے کی تلقین اور ترغیب دی ہے جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے:

ترجمہ: اور ڈرتے رہو اللہ سے جس کے واسطے سوال کرتے ہو آپس میں اور خبردار رہو قرابت والوں سے۔(سورالنسا) اس آیت کے ذیل میں علامہ شبیر احمد عثمانی نے تحریر فرمایا ہے: اہل قرابت کے ساتھ چونکہ قرب واتحاد مخصوص اور بڑھا ہوا ہے اس لئے ان کی بدسلوکی سے اب خاص طور پر ڈرایا گیا کیونکہ ان کے حقوق دیگر افراد انسانی سے بڑھے ہوئے ہیں۔اسی طرح سورہ بنی اسرائیل میں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد ہے: ترجمہ: اور قرابت دار کو (بھی) اس کا حق ادا کر اور محتاج اور مسافر کو (بھی ان کا حق ادا کر) اور مال کو فضولیات میں نہ اڑا۔(سورہ بنی اسرائیل)

مولانا عبدالماجد دریا آبادی لکھتے ہیں: اسلام نفس جمع مال وکسب مال کا مانع نہیں البتہ پہلے تو وہ کسب مال کے لئے شرائط جائز وحلال کی قید لگاتا ہے اور پھر صرف مال کے قاعدے مقرر کرتا ہے کہ مال ودولت پر تو عزیزوں کے مسکینوں کے نادار اور مسافروں پردیسیوں کے حق قائم ہیں یہ انہیں کے کام میں آنے کی چیزیں ہیں حقہ حق کا لفظ مالی وغیر مالی (یعنی اخلاقی) ہر قسم کے حقوق کو شامل ہے لیکن یہاں ذکر حقوق مالی ہی کا ہو رہا ہے حق کے لفظ نے یہ بھی بتادیا کہ عزیزوں مسکینوں وغیرہ کی اعانت واجب ہے ان کا حق ہے کہ وہ مالداروں سے اعانت طلب کریں اور مالداروں پر لازمی ہے کہ ان پر احسان رکھ کر نہیں اپنا فرض سمجھ کر ان کی اعانت کریں، والدین کے بعد ہی دوسرے عزیزوں کا نمبر ہے اور پھر درجہ بدرجہ ہر تعلق اور سابقہ رکھنے والے کا۔

اسی طرح سورہ روم میں اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

ترجمہ: سو (اے مخاطب) تو قرابت دار کو اس کا حق دیا کر اور (اسی طرح) مسکین اور مسافر کو۔ان لوگوں کے حق میں بہتر ہے جو اللہ کی رضا کے طالب رہتے ہیں اور یہی لوگ تو فلاح پانے والے ہیں۔(سورہ الروم)

مولانا عبدالماجد دریا آبادی آیت مذکورہ کی تفسیر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں: اسلامی نظام معاشیات میں درجہ بدرجہ عزیزوں کے اور پھر تمام دوسرے اہل حاجت کے حصے مقرر ہیں حقہ لفظ حق بہت قابل غور ہے ہر صاحب جائیداد کے مال میں ان سب کا حق مقرر ہوگیا ہے ان کی ادائیگی خود اپنے سود وبہبود کے لحاظ سے واجب ہے دوسروں کو دیتے رہنا ان پر کوئی احسان کرنا اور منت رکھنا نہیں ہے نظام معاشیات کو ان ضوابط الٰہی کے ماتحت چلانے والے انفرادی طور پر بھی فلاح یاب ہوں گے اور اجتماعی طور پر بھی دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی یریدون وجہ اللہ اس قید نے یہ حیثیت صاف کردی کہ خلعت قبول سے سرفرازی پانے کے لئے شرط لازمی یہ ہے کہ یہ خرچ جو کچھ بھی ہو سب رضا الٰہی کی نیت سے ہو محض جبری اور نمائشی چندے اور اسی قبیل کی دوسری چیزیں سب اس مد سے باہر ہیں وجہ کے معنی اس سیاق میں ذات کے ہوتے ہیں۔ایک اور مقام پر اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

ترجمہ: اللہ کی عبادت کرو اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ کرو اور حسن سلوک رکھو والدین کے ساتھ اور قرابت کے ساتھ اور یتیموں اور

> حضرت انس فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں وسعت وفراخی اور اس کی اجل میں تاخیر کی جائے (یعنی اس کی عمر دراز ہو) تو اس کو چاہئے کہ وہ رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک اور احسان کرے۔

مسکینوں اور پاس والے پڑوسی اور دور والے پڑوسی اور ہم مجلس اور راہ گیر کے ساتھ اور جو تمہاری ملک میں ہے ان کے ساتھ قطعاً اللہ ایسوں کو دوست نہیں رکھتا جو خود بین ہیں فخر ہیں۔(النسا) اسی طرح سورہ نحل میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: ترجمہ: بے شک اللہ عدل کا اور حسن سلوک کا اور اہل قرابت کو دیتے رہنے کا حکم دیتا ہے اور کھلی برائی سے اور مطلق برائی سے اور ظلم (سرکشی) سے ممانعت کرتا ہے وہ تمہیں (یہ) پند ونصیحت دیتا ہے اس لئے کہ تم نصیحت قبول کرو۔(النحل)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کو پیدا کیا یعنی اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کو ان کی پیدائش سے پہلے ہی ان صورتوں کے ساتھ اپنے علم ازلی میں مقدر کردیا جن پر وہ پیدا ہوں گی جب اس سے فارغ ہوا تو رحم یعنی رشتہ ناتا کھڑا ہوا پروردگار نے فرمایا: کہہ کیا چاہتا ہے؟ رحم نے عرض کیا: یہ قطع رحمی کے خوف سے تیری پناہ کے طلبگار کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے (یعنی کہ میں تیرے روبرو کھڑا ہوں اور تیرے دامن عزت وعظمت کی طرف دست سوال دراز کئے ہوئے ہوں تجھ سے اس امر کی پناہ چاہتا ہوں کہ کوئی شخص مجھ کو کاٹ دے اور میرے دامن کو جوڑنے کے بجائے اس کو تار تار کردے) پروردگار نے فرمایا: کیا تو اس پر راضی نہیں ہے جو شخص (رشتہ داری اور عزیزوں کے ساتھ حسن سلوک کے ذریعہ) تجھ کو قائم وبرقرار رکھے اور اس کو میں بھی اپنے احسان وانعام اور اجر وبخشش کے ذریعہ قائم وبرقرار رکھوں اور جو شخص رشتہ داری اور حقوق کی پامالی کے ذریعہ تجھ کو منقطع کردے میں بھی (اپنے احسان وانعام) کا تعلق اس سے منقطع کرلوں؟ رحم نے عرض کیا کہ: پروردگار! بیشک میں اس پر راضی ہوں پروردگار نے فرمایا: اچھا تو وعدہ تیرے لئے ثابت وبرقرار ہے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ:

صلہ رحمی کے دنیوی فوائد: حدیث میں ہے: ترجمہ: حضرت انس فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں وسعت وفراخی اور اس کی اجل میں تاخیر کی جائے (یعنی اس کی عمر دراز ہو) تو اس کو چاہئے کہ وہ رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک اور احسان کرے۔

حدیث شریف کی علمی تحقیق کچھ بھی ہو تاہم اتنی بات یقینی ہے کہ وسعت رزق اور درازی عمر کے جملہ اسباب میں صلہ رحمی اور رشتے ناتے کے حقوق کی ادائیگی ایک یقینی سبب ہے جس کو ادا کر کے اپنے رزق اور عمر میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

خیر خواہی کے جذبہ کے تحت قرآن کریم اور احادیث مبارکہ کے ذخیرہ میں سے چند آیات اور احادیث مبارکہ نقل کی ہیں اگر ان آیات قرآنی اور ارشادات نبوی ﷺ پر عمل کرتے ہوئے رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک اور باہمی حقوق کی ادائیگی صحیح طریقے پر کی جائے تو اس سے معاشرہ میں عموماً اور خاندان میں خصوصاً وہی خوشی پیار اور محبت لوٹ کر واپس آسکتی ہے جو قرون اولی کے مسلمانوں میں پائی جاتی تھی۔وہ ایسی محبت تھی کہ آج کا مسلمان اس کا تصور بھی نہیں کرسکتا مگر افسوس کہ اسلامی احکام سے روگردانی کر کے ہم اس محبت واخوت کو گم کر چکے ہیں اس کی جگہ بغض عداوت انتشار اور افتراق نے لے لی ہے۔مناسب ہوگا کہ اس مضمون کو حضرت شاہ ولی اللہ کے اس شکوے پر ختم کروں جس کو مولانا مناظر احسن گیلانی نے اپنی کتاب مقالات احسانی کے حاشیہ میں ایک مناسبت سے نقل فرمایا ہے جس میں شاہ صاحب نے اپنے زمانے کے مسلمانوں کی غیر اسلامی زندگی پر تنقید کی ہے خاص طور پر رشتہ داروں کے مالی حقوق کی عدم ادائیگی کی شکایت کی ہے حضرت لکھتے ہیں: کوئی ایسا امیر وتونگر آدمی نہیں ہے جس کے رشتہ داروں میں ایسے غریب غربا اور نادار لوگ نہ ہوں جو مستحق ہوتے ہیں کہ انہیں کھلایا جائے اور ان کے ساتھ ہمدردی کی جائے مالداروں کو اپنے رشتہ داروں کے ساتھ کچھ سلوک کے مواقع مل جاتے ہیں ان کے متعلق زکوٰۃ اور حکم الٰہی کی تعمیل کی نیت کرلیا کرے یہ لوگ اتنا بھی کرلیں تو ان کے لئے کافی ہوسکتا ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ مجھے اور پوری امت مسلمہ کو احکام قرآنی اور ارشادات نبوی ﷺ پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

آپ کے مسائل اور اسلامی تعلیمات

شریعت کیا کہتی ہے؟

مفتی عبداللہ



سوال: کتنے فاصلے کی مسافت پر قصر نماز ہوتی ہے؟ سفر کی کیا حد ہے؟ (اکرم زمان خان، ہری پور)

جواب: شہر کا ایک قریبی راستہ ہو دوسرا دور کا تو قصر کے لئے مسافت کا اعتبار ہوگا۔اگر کسی نے اڑتالیس میل سے کم والے راستے پر سفر شروع کیا اور راستے میں لمبے سفر کا ارادہ کرلیا تو قصر کرے گا، مسافر شہر کی آبادی سے باہر نکلتے ہی قصر پڑھے گا۔جس شہر میں مکان کرایہ کا ہو چاہے اپنا وہاں پہنچتے ہی مسافر مقیم بن جاتا ہے اور مقیم پوری نماز ادا کرے گا۔

سوال: میں نے اپنی پہلی بیوی کو طلاق دے دی، جس سے تین لڑکیاں ہیں، اور میں نے ان کی شادی بھی کردی، اب میں یہ چاہتا ہوں کہ میری جائیداد میں یہ لڑکیاں حق دار نہ رہیں، اور تعلق تو میں نے پہلے ہی ختم کرلیا ہے، کیونکہ میری بیوی کی خواہش یہی ہے، کیا میرا یہ فیصلہ شریعت کے عین مطابق ہوگا؟ (احسان ملک، چکوال)

جواب: بیٹیوں سے قطع تعلق؟ توبہ کیجئے! یہ سخت گناہ ہے، اسی طرح ان کو جائیداد سے محروم کرنے کی خواہش بھی سخت گناہ ہے۔خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جس کو وارث بنایا ہے، بیوی کے اصرار پر اس کو محروم کرنے کی کوشش کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو بیوی خدا اور رسول سے زیادہ عزیز ہے۔

سوال: کیا اللہ تعالیٰ نے عورت کو مرد کے غم کم کرنے کے لئے پیدا کیا ہے؟ جیسے مرد حضرات کا دعویٰ ہے کہ عورت کی کوئی حیثیت نہیں، اسے اللہ تعالیٰ نے مرد کے لئے پیدا کیا ہے۔؟ (ام لطیف، صوابی)

جواب: اللہ تعالیٰ نے نسلِ انسانی کی بقا کے لئے انسانی جوڑا بنایا ہے، اور دونوں کے دِل میں ایک دوسرے کا انس ڈالا ہے اور دونوں کو ایک دوسرے کا محتاج بنایا ہے، میاں بیوی ایک دوسرے کے بہترین مونس وغم خوار بھی ہیں، رفیق وہم سفر بھی ہیں، یار ومددگار بھی ہیں۔عورت مظہرِ جمال ہے، اور مرد مظہرِ جلال، اور جمال وجلال کا یہ آمیزہ کائنات کی بہار ہے، دنیا میں مسرتوں کے پھول بھی کھلاتا ہے، ایک دوسرے کے دکھ درد بھی بٹاتا ہے، اور دونوں کو آخرت کی تیاری میں مدد بھی دیتا ہے۔فطرت نے ایک کے نقص کو دوسرے کے ذریعے پورا کیا ہے، ایک کو دوسرے کا معاون بنایا ہے، عورت کے بغیر مرد کی ذات کی تکمیل نہیں ہوتی، اور مرد کے بغیر عورت کا حسنِ زندگی نہیں نکھرتا۔اس لئے یک طرفہ طور پر یہ کہنا کہ عورت کو صرف مرد کے لئے پیدا کیا، ورنہ اس کی کوئی حیثیت نہیں، غلط ہے۔ہاں! یہ کہنا صحیح ہے کہ دونوں کو ایک دوسرے کا غم خوار ومددگار بنایا ہے۔

سوال: قرآن وسنت کی رو سے مستقبل کی منصوبہ بندی (اپنی ذات کے لئے) کیسی ہے؟

شیخ ادریس رحمہ اللہ کی شہادت

اشفاق اللہ جان ڈاگیوال

دارالعلوم نعمانیہ اتمانزئی اور دارالعلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث، ولی صفت، فنافی اللہ شخصیت اور جے ڈی آئی کے بزرگ رہنما شیخ ادریسؒ کی المناک شہادت نے نہ صرف دینی حلقوں بلکہ پورے معاشرے کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔

یہ ایک فرد کی شہادت نہیں بلکہ ایک فکری، دینی اور سماجی المیہ ہے جس کے اثرات دوررس اور تباہ کن ہوں گے۔ حضرت شیخ جید عالمِ دین، ہزاروں علماء کے استاد، اصلاحِ امت اور امن کے علمبردار تھے، پوری زندگی قرآن وسنت کی تعلیم وترویج کے لیے وقف کر رکھی تھی۔ "زینت المحدثین" کے لقب سے معروف اس عظیم ہستی کی جدائی ایک ایسے خلا کو جنم دے گئی ہے جس کا پر ہونا آسان نہیں۔

شیخ ادریس رحمہ اللہ 1961ء میں ضلع چارسدہ کے علاقے ترنگزئی میں ایک علمی ودینی گھرانے میں پیدا ہوئے، اپنے والد مولوی حکیم عبدالحق، دادا مفتی شہزادہ سے ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد دارالعلوم نعمانیہ اتمانزئی اور دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک جیسے ممتاز اداروں سے دورہ حدیث مکمل کیا، پشاور یونیورسٹی سے عربی واسلامیات میں ایم اے بھی کیا۔

وہ ایک بلند پایہ محدث، بااثر خطیب اور جمعیت علمائے اسلام سے وابستہ متحرک رہنما تھے، حضرت شیخ نے دارالعلوم نعمانیہ، دارالعلوم اسلامیہ تنگی اور دارالعلوم حقانیہ میں تین دہائیوں سے زائد عرصہ تک بخاری شریف، جامع ترمذی اور دیگر کتب حدیث کی تدریس کر کے ہزاروں طلباء کے سینوں کو حدیث نبوی کے نور سے منور اور علمی وفکری تربیت کی، وہ دارالعلوم نعمانیہ میں شیخ الحدیث وصدر المدرسین کے منصب پر فائز رہے، جے ڈی آئی ضلع چارسدہ کے امیر، صوبائی سرپرست اعلیٰ، مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن، سابق رکنِ صوبائی اسمبلی اور ڈپٹی اسپیکر بھی رہے جب کہ نفاذِ شریعت کونسل کے رکن کی حیثیت سے 2004ء میں شریعت بل پیش کرنے والوں میں شامل تھے۔

5 مئی 2026ء کو چارسدہ کے علاقے اتمانزئی/ترنگزئی میں نامعلوم مسلح درندوں کی فائرنگ سے شہید ہوئے، ان کے ساتھ موجود دو پولیس اہلکار زخمی ہوئے، اس سانحہ پر ملک بھر میں شدید ردِعمل سامنے آیا، شیخ ادریسؒ کو دھمکیاں موصول ہو رہی تھیں مگر وہ فقیر منش درویش ولی اللہ مخلوق سے خوف کھانے والوں میں نہیں تھے اور ادریسؒ تو جامِ شہادت نوش کر کے اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے مگر ان کی رحلت ملت اسلامیہ کے جسد میں ایسا شگاف ہے جسے پر کرنا ناممکن ہے۔

ہماری تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی کوئی چراغ بجھا، امت کی راہوں میں اندھیرا بڑھا۔ آج ایک اور چراغ بجھ اور ایک اور شگاف پڑ گیا۔ شیخ ادریس صاحبؒ نے جو تقریر میرے باباجانؒ کی رحلت کے موقع پر کی تھی اس کا ایک ایک لفظ ہمارے دلوں پر نقش اور ہمارے لیے مشعل راہ ہے انشاء اللہ اس پر پھر کبھی لکھوں گا۔

شیخ ادریس صاحبؒ کی شہادت کے غم اور درد کو پورے معاشرے نے اپنی اجتماعی محرومی اور بے بسی کے طور پر محسوس کیا۔ ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے پاکستان کے تمام جید علماء کرام نے شیخ ادریس صاحبؒ کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ اس میں کوئی شک اور دو رائے نہیں کہ شیخ ادریس شہید نے اسلام اور پاکستان سے والہانہ محبت کی قیمت جان کی بازی لگا کر چکائی ہے۔

یہ اس سانحے کی سنگینی کو اجاگر اور اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہ قتل محض ایک فرد کا نہیں بلکہ ایک فکر، ایک نظریہ اور ایک قومی ودینی وحدت پر حملہ ہے۔ شیخ ادریسؒ کے قتل کے اس اندوہناک واقعے کا ارتکاب جس نے بھی کیا ظلم عظیم کر کے اللہ کے قہر کو دعوت دی مگر صرف وہ عناصر ذمے دار نہیں، اس بربریت کے پیچھے ایک پورا فکری، سماجی اور سیاسی پس منظر کارفرما ہے۔ وہ عناصر جو ان قاتلوں کے نظریات کو جواز فراہم کرتے ہیں، جو ان کے لیے نرم گوشہ رکھتے ہیں، یا ان کی مذمت سے گریزاں رہتے ہیں، درحقیقت اسی جرم میں برابر کے شریک ہیں۔

افسوسناک، حیران کن اور پریشان کن پہلو یہ قتل ایک مسلمان نے کیا مگر دل نہیں مانتا کہ ایک مسلمان اور امت محمدی کا دعویدار مسلمان شیخ ادریس صاحب جیسے مجسم بخاری شریف کو کیسے شہید کر سکتا ہے؟

اسلام امن، رواداری اور انسانیت کے احترام کا دین ہے، اور کسی بھی بے گناہ انسان کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیا گیا۔ اسلام کے نام پر قتل و غارت گری نہ صرف دینِ اسلام کی تعلیمات اور روح کے منافی ہے بلکہ اس سے معاشرے میں فکری انتشار اور شدت پسندی کو تقویت ملتی ہے۔ ایسے حادثات کے تناظر میں سیاسی قیادت کے کردار پر بھی سوالیہ نشان لگتا ہے کیونکہ جب قومی سطح کے رہنما اپنے مفادات کے تحت ایسے عناصر کے خلاف واضح

معرکہ حق کے بعد کا پاکستان

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے زیرِ صدارت 275 ویں کور کمانڈرز کانفرنس ہوئی جس میں مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مادرِ وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہریوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اِس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ معرکہ حق عوام، حکومت اور افواجِ پاکستان کے درمیان غیر متزلزل ہم آہنگی کی علامت ہے جو تمام اندرونی و بیرونی چیلنجوں کے مدِمقابل "بنیان المرصوص" کی مانند یکجا کھڑی ہیں۔ شہداء کی بے مثال قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے فورم کے شرکاء نے اعادہ کیا کہ اُن کی لازوال قربانیاں ہمیشہ پاکستان کی قومی سلامتی، اتحاد اور استقامت کی بنیاد بنی رہیں گی۔ فیلڈ مارشل نے "معرکہ حق" کی یادگار سال مکمل ہونے پر قوم اور افواجِ پاکستان کو مبارکباد دی اور اِسے قومی اتحاد اور خودمختاری کے تحفظ کی علامت قرار دیا۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ واقعہ پاکستان کے اجتماعی عزم اور دفاعِ وطن کے غیر متزلزل عہد کا عکاس ہے۔ آرمی چیف نے ملک بھر میں جاری انٹیلی جنس بیسڈ انسدادِ دہشت گردی کارروائیوں میں فارمیشنز اور کمانڈروں کی کارکردگی، عزم اور کامیابیوں کو سراہا۔ کانفرنس میں فیصلہ کیا گیا کہ دہشت گرد نیٹ ورکس، اُن کے معاون ڈھانچے اور سہولت کار عناصر کے مکمل خاتمے تک آپریشنل رفتار برقرار رکھی جائے گی۔ فورم نے "آپریشن غضب الحق" کے تحت دہشت گرد عناصر اور اُن کے نیٹ ورک کے خلاف جاری کارروائیوں کا بھی جائزہ لیا۔ کانفرنس میں کہا گیا کہ افغان طالبان رجیم کی بعض پالیسیوں کے باعث دہشت گرد عناصر کو محفوظ پناہ گاہیں مل رہی ہیں جو علاقائی اَمن کے لئے خطرہ ہیں۔ پاکستان نے واضح کیا کہ اُس کی تمام دفاعی کارروائیاں صرف دہشت گردوں، دراندازوں اور اُن کے انفراسٹرکچر کے خلاف درست اہداف پر مبنی ہیں۔ فورم نے الزام عائد کیا کہ پاکستان کے خلاف پراپیگنڈہ اور بے بنیاد دعوے ایک منظم ڈِس انفارمیشن مہم کا حصہ ہیں جن کا مقصد اندرونی ناکامیوں سے توجہ ہٹانا ہے۔ کانفرنس میں علاقائی جیوپولیٹیکل صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے کہا گیا کہ موجودہ پیشرفت خطے کے استحکام پر اثرانداز ہوسکتی ہے۔ مقبوضہ جموں وکشمیر میں مبینہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں، ماورائے عدالت قتل اور آبادیاتی تبدیلیوں کی مذمت بھی کی گئی۔ فورم نے کشمیری عوام کی جدوجہد کے لئے پاکستان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ آرمی چیف نے کمانڈروں کو ہدایت کی کہ وہ اُبھرتے ہوئے خطرات کے پیشِ نظر اعلیٰ سطح کی آپریشنل تیاری اور پیشہ ورانہ مہارت کو برقرار رکھیں کیونکہ روایتی اور غیر روایتی دونوں نوعیت کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے مربوط ردِعمل اور جنگی اقدامات ناگزیر ہیں۔

پاکستان دہائیوں سے دہشت گردی کا شکار ہے، اِس سے نمٹنے کے لئے دن رات کوشاں ہے، دنیا اِس کی کوششوں کو نہ صرف سراہتی ہے بلکہ یہ تسلیم بھی کرتی ہے کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف فرنٹ لائن سٹیٹ کے طور پر کام کر رہا ہے۔ اِس نے بے پناہ قربانیاں دیں، نہ صرف ہزاروں پاکستانی اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر چکے ہیں بلکہ پاکستان ہر سال اربوں روپے خرچ کر کے عالمی اَمن کے قیام اور خطے کے استحکام کے لئے مسلسل شب وروز کوشاں ہے۔ دوسری جانب بھارت گزشتہ کئی دہائیوں سے پراپیگنڈے، گمراہ کن بیانیوں اور فالس فلیگ آپریشنز کے ذریعے پاکستان کو بدنام کرنے اور اُس کی قربانیوں کو مشکوک بنانے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ اِس کے سینکڑوں جعلی ویب سائٹس پر مشتمل پراپیگنڈا نیٹ ورک دنیا کے سامنے بے نقاب ہو چکے ہیں۔ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں بھی ملوث ہے۔ بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو پاکستان کی حراست میں ہے اور یہاں دہشت گردی کے نیٹ ورک چلانے کا اعتراف کر چکا ہے۔ پاکستان "فتنہ الہندوستان" سے متعلق ٹھوس شواہد عالمی برادری اور مختلف بین الاقوامی فورمز پر پیش کر چکا ہے۔ کچھ عرصہ قبل بدنام زمانہ بھارتی ایجنسی "را" کی طرف سے پاکستان میں دہشت گردی کے لئے لوگوں کو ورغلانے اور بھرتی کرنے کے شواہد بھی پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے میڈیا کے سامنے رکھے۔ بھارت نے ممبئی، پٹھان کوٹ اور پلوامہ حملوں جیسے فالس فلیگ آپریشن کیے۔ پہلگام کے ذریعے پاکستان پر دہشت گردی کا الزام دھر کے حملہ کر دیا جس کا پاکستان نے اُسے ایسا منہ توڑ جواب دیا گیا کہ وہ دنیا میں کہیں منہ دکھانے کے قابل نہیں رہا۔ خود بھارتی نقادوں نے پہلگام واقعے کو انتخابات جیتنے کے لئے کی گئی ایک سازش قرار دیا۔ انتخابات تو نریندر مودی نے جیسے تیسے جیت لئے لیکن سفارتکاری کے محاذ پر وہ بُری طرح ناکام ہوئے۔ بھارتی میڈیا نے بھرپور پراپیگنڈہ کیا لیکن وہ اِس حد تک بھونڈا تھا کہ دنیا بھر میں اُس کا مذاق بن گیا۔ اِس کے برعکس پاکستان نے انتہائی ذمہ داری، حق اور سچ کے ساتھ "معرکہ حق" سے متعلق تمام تر مصدقہ معلومات دنیا تک پہنچائیں جس کی وجہ سے اس کا وقار اقوامِ عالم کی نظروں میں بلند ہوا۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے گزشتہ روز اپنے پیغام میں کہا کہ معرکہ حق صرف ایک یادگار واقعہ نہیں بلکہ ایک واضح لکیر ہے جو ہمیشہ کے لئے کھینچ دی گئی ہے، اِس عظیم فتح نے واضح کر دیا کہ پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج کی جوابی صلاحیت دشمن کے تصور سے بھی زیادہ تیز اور مربوط ہے

، پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی ہے، پاکستانی نوجوانوں کا شعور اور اعتماد ملک کی اصل طاقت ہے، وہ جانتے ہیں کہ ملک کا دفاع کیسے کرنا ہے۔

لبنان اور اسرائیل کے درمیان مذاکرات کا نیا دور 14 اور 15 مئی کو واشنگٹن میں ہونے کا امکان

پاکستان میں اِس وقت معرکہ حق کا ایک سال پورے ہونے سے متعلق تقریبات کا انعقاد کیا جا رہا ہے، نہ صرف ملک کے مختلف شہروں میں بلکہ بیرونِ ملک بھی پاکستانی جشن منا رہے ہیں۔ بھارت آج اپنے زخم چاٹنے پر مجبور ہے، اُس نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران اپنی فوجی صلاحیتوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے بجائے اپنی توانائیاں اور وسائل پاکستان کو غیر مستحکم کرنے، یہاں دہشت گردی کو ہوا دینے، خیالی فتوحات پر مبنی فلمیں بنانے، اور دنیا بھر میں جعلی ویب سائٹس، سوشل میڈیا نیٹ ورکس اور دیگر پراپیگنڈا ذرائع کے ذریعے پاکستان کو بدنام کرنے کی کوششوں پر صرف کیے۔ اِس کے برعکس افواجِ پاکستان نے اپنی توجہ جدید ٹیکنالوجی، پیشہ ورانہ مہارت اور جدید جنگی حکمتِ عملیوں کے حصول پر مرکوز رکھی۔ یہی وجہ ہے کہ جب عملی میدان میں مقابلے کا وقت آیا تو پاکستان نے اپنی تیاری اور صلاحیت سے بھارت کیا دنیا کو بھی حیران کر دیا۔ معرکہ حق کے بعد اُسے خطے میں استحکام اور توازن قائم رکھنے والی ایک مؤثر طاقت کے طور پر بھی تسلیم کیا جانے لگا۔ حال ہی میں امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کے دوران پاکستان کی فعال سفارتکاری، تدبر اور اَمن کے لئے مسلسل کوششوں نے اس کے عالمی تشخص کو مزید مستحکم کیا۔ حوصلہ افزا بات یہ ہے کہ آج پاکستان کو محض ایک دفاعی قوت نہیں بلکہ اَمن، مذاکرات اور علاقائی ہم آہنگی کے فروغ کے لئے سنجیدہ اور ذمہ دار ریاست کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔

پنشن کم گھر پر سود زیادہ، یہ کیسا ریلیف پروگرام

محمد ابراہیم خلیل

دنیا بھر میں اس وقت شرح سود تاریخ کے اس موڑ پر کھڑی ہے جہاں اس کی کارستانیوں سے سب ہی متاثر ہیں۔ عالمی بینک اور آئی ایم ایف جیسے ادارے ترقی پذیر ممالک کو مالیاتی نظم وضبط کے نام پر جو سخت شرائط دے رہے ہیں اس نے شرح سود کو بڑھاوا ہی دیا ہے۔

ایسے میں وزیر اعظم کا "اپنا گھر پروگرام" امید کی ایک کرن ہے لیکن یہ سبسڈی سے جڑی ہوئی نہیں ہے، کیونکہ دنیا کے کئی ملکوں نے اپنے شہریوں کو ہاؤسنگ کی سہولت فراہم کرنا بنیادی حق کے طور پر تسلیم کر رکھا ہے۔ سنگاپور میں 80 فی صد آبادی سرکاری ہاؤسنگ اسکیموں میں رہتی ہے۔ ترکیہ نے کم لاگت مکانوں کے لیے بڑے پیمانے پر سبسڈی دی ہے۔ چین نے شہری علاقوں میں لاکھوں اپارٹمنٹس تعمیر کیے۔ کئی اور ملکوں نے سود کو کم یا ختم کر کے براہ راست سبسڈی دے کر عوام کو چھت فراہم کی ہے۔ پاکستان میں ماضی میں کبھی ہاؤسنگ منصوبوں کا اعلان ہوتا رہا لیکن اکثر اعلانات حقیقت کا روپ نہ دھار سکے۔

غالباً 2019 تک سرکاری ملازمین کو ریٹائرمنٹ پر چھوٹا موٹا پلاٹ دیا جاتا تھا جسے کچھ ملازمین اونے پونے فروخت کر کے اپنا مکان بنانے کے لیے استعمال کر لیتے تھے۔ 2019 کے بعد سرکاری ملازمین کے لیے اپنا گھر اسکیم متعارف کرایا گیا اور اس سلسلے میں ابتدائی فیس بھی وصول کی گئی لیکن اب نہ اس رقم کا پتا نہ اسکیم کی خبر۔ اس مفت اسکیم کے اجرا کرتے ہی یہ بتایا گیا کہ 10 سال کے لیے 5 فی صد سود کی شرح ہوگی۔ اس لحاظ سے سستا گھر کا تصور برقرار رکھنا مشکل ہے۔

ایک طرف اس بات کی کوشش کی جا رہی ہے کہ سود کا خاتمہ ہو، دوسری طرف حکومت اپنا گھر اسکیم کو فلاحی منصوبہ بھی قرار دے رہی ہے اور اس پر 5 فی صد شرح سود منافع بھی حاصل کرنا چاہ رہی ہے، لہٰذا مکمل حکومتی سبسڈی کے بغیر یہ منصوبہ کیسے کامیاب قرار دیا جاسکتا ہے۔ اپنا گھر پروگرام ایک خوبصورت خواب ضرور ہے مگر بلا سود تو کم از کم ہو، حکومت اگر اپنی سبسڈی شامل نہیں کرتی تو کم از کم منافع کمانے سے گریز کرے۔ کئی ملکوں نے جب چھت کو انسانی حق سے زیادہ ایک معاشی پروڈکٹ بنا دیا تو وہاں رہائش مہنگی ہو کر رہ گئی۔ لندن سے لے کر لاگوس تک ممبئی سے قاہرہ تک گھر اب دوکاروں کے نام نہیں رہے بلکہ سود قرض اور قسطوں کی زنجیر بن چکا ہے۔ کراچی سے لے کر اسلام آباد کی کشادہ سڑکوں تک صرف ایک سوال خاموشی سے پھیل رہا ہے، اگرچہ وزیر اعظم کا "اپنا گھر پروگرام" کا بنیادی مقصد قابل تحسین ہے مگر پالیسی کی خوبصورتی اس کے اعلان میں نہیں، اس کے اثرات میں ہوتی ہے۔ معاشی اصول یہ کہتا ہے کہ جب منڈی کسی بنیادی ضرورت کو جیسے رہائش منصفانہ طور پر فراہم نہ کر سکے تو ریاست کو مداخلت کرنا پڑتی ہے۔

مارکیٹ خود بخود انصاف پیدا نہیں کرتی، اسے پالیسی کے ذریعے درست کرنا پڑتا ہے۔ پاکستان میں ہاؤسنگ مارکیٹ واضح طور پر ایک مارکیٹ فیلیئر کا شکار ہے۔ حکومت کی جانب سے 5 فی صد قرض کی پیش کش غریب ریٹائرڈ سرکاری ملازمین پر ایک بوجھ بن سکتی ہے۔ یہاں پر ایک اور اہم سوال پیدا ہوتا ہے۔ ریاست اپنے ان سرکاری ملازمین کے ساتھ کیسا سلوک کرتی ہے؟ جنھوں نے اپنی عمر کے 36 یا 40 سال اپنی تنخواہ کا ایک حصہ جی پی فنڈ میں جمع کرایا اور بہت سوں نے مذہبی بنیادوں پر سود بھی نہیں لیا اور جب وہ ریٹائر ہوتے ہیں تو جی پی فنڈ میں شامل انٹرسٹ کی بڑی رقم سے محروم ہونے کی وجہ سے نہ مکان خرید سکتے ہیں نہ بڑی رقم کی سرمایہ کاری کر سکتے ہیں، ایسے میں انھیں بھی سود دینا پڑے گا، اسے انصاف پر مبنی پالیسی نہیں قرار دیا جاسکتا۔

سرکاری ملازمین اور حکومت کے درمیان ایک غیر تحریری سماجی معاہدہ ہوتا ہے کہ آپ ملک کے لیے زندگی لٹا دیں ہم آپ کو ہر موقع پر بڑھاپے میں تحفظ فراہم کریں گے۔ ایسی کسی بات کے مظاہر سامنے نہیں آ رہے بلکہ قرض پر ان سے بھی سود لیا جائے گا جنھوں نے ساری زندگی کی ملازمت میں حکومت سے سود نہیں لیا، لہٰذا ایسے ملازمین جنھوں نے جی پی فنڈ پر سود نہیں لیا، ان کو بلا سود قرض فراہم کرنا ہی انصاف ہے، اگر پالیسی کا فائدہ ان لوگوں کو نہیں ملتا جو سب سے زیادہ ضرورت مند ہیں تو وہ پالیسی کامیاب نہیں صرف مکمل ہوتی ہے۔ پاکستان میں گھروں کی کمی ایک کروڑ ونٹ سے بھی زیادہ پہنچ چکی ہے۔

شہری آبادی کا کم از کم 40 فی صد حصہ کرائے کے گھروں میں رہتا ہے، تعمیراتی لاگت جو کہ 120 گز کے گھر کا 2010 میں 20 لاکھ روپے کے لگ بھگ تھا، 2020 تک 40 لاکھ اور 2025 میں 60 سے 70 لاکھ تک پہنچ چکا ہے، لہٰذا ایسی صورت حال میں حکومت کو سب سے پہلے ان افراد کا ہاتھ تھامنا ہوگا جنھوں نے ریٹائرمنٹ کے وقت سود جیسی اضافی رقم نہیں لی اور زیادہ رقم نہ حاصل کرنے کی بنیاد پر اپنی رہائش سے محروم رہے۔ آج وہ اپنی زندگی کے آخری لمحے میں ہیں اور انھیں بھی وہی قرض پر سود کی پیشکش کی جا رہی ہے جس سے وہ ہمیشہ بچتے چلے آئے ہیں۔ نیز اس پالیسی کا دائرہ کار 5 لاکھ سے بڑھا کر 10 لاکھ سے زائد تک لے کر جایا جائے۔

نفرت کا بازار گرم: مکالمہ کیوں ختم ہوگیا؟

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

ہمارا معاشرہ اس وقت ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑا ہے جہاں برداشت، رواداری اور سنجیدگی جیسے اوصاف تیزی سے کمزور ہوتے جا رہے ہیں۔ اختلافِ رائے جو کسی بھی مہذب معاشرے کی خوبصورتی سمجھا جاتا تھا، اب اکثر جھگڑے، تلخی اور نفرت میں تبدیل ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ یہ تبدیلی محض اتفاقی نہیں بلکہ ایک مسلسل عمل کا نتیجہ ہے جس نے سماجی توازن کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے رویّوں میں بڑھتی ہوئی عدم برداشت نے اس مسئلے کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ جب قیادت خود تحمل کا مظاہرہ نہ کرے اور مخالفین کے لیے نرم زبان استعمال نہ کرے تو کارکنان اور عام لوگ بھی اسی روش کو اپنانے لگتے ہیں، جس سے معاشرے میں کشیدگی بڑھتی چلی جاتی ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ مکالمے کی جگہ اب کنایوں، الزامات اور بعض اوقات کھلی گالی گلوچ نے لے لی ہے۔ جہاں دلیل ختم ہو جائے وہاں آواز بلند ہونے لگتی ہے، اور جب آواز بھی ناکام ہو جائے تو بعض عناصر تشدد کا راستہ اختیار کر لیتے ہیں۔ فکری اختلاف جو کبھی علمی ترقی کا ذریعہ ہوتا تھا، اب ذاتی دشمنی کی شکل اختیار کرتا جا رہا ہے۔ لوگ دلیل سننے کے بجائے شخصیت پر حملہ کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، جس سے نہ صرف بحث کا معیار گرتا ہے بلکہ معاشرتی ہم آہنگی بھی متاثر ہوتی ہے۔ اس صورتحال کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ میانہ رو اور سنجیدہ سوچ رکھنے والے افراد پس منظر میں چلے جاتے ہیں۔ ان کی آواز شور وغوغا میں دب جاتی ہے اور معاشرہ آہستہ آہستہ انتہا پسندی کی طرف جھکنے لگتا ہے۔ یہ سوال انتہائی اہم ہے کہ آخر یہ زہر ہمارے معاشرے میں کہاں سے آیا اور اسے کون فروغ دے رہا ہے۔ کیا یہ بیرونی اثرات کا نتیجہ ہے یا ہم خود اپنی کمزوریوں کی وجہ سے اس کا شکار ہو گئے ہیں؟ سچ یہ ہے کہ اس زہر کی جڑیں کئی سمتوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔ بعض سیاسی مفادات، مذہبی شدت پسندی، اور سوشل میڈیا کا غیر ذمہ دارانہ استعمال مل کر اس آگ کو ہوا دے رہے ہیں، جس کے اثرات ہر سطح پر محسوس کیے جا سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا نے جہاں اظہارِ رائے کو آسان بنایا ہے، وہیں اس نے غیر ذمہ دارانہ گفتگو کو بھی فروغ دیا ہے۔ لوگ بغیر تحقیق اور سوچ کے ایسی باتیں شیئر کرتے ہیں جو نفرت اور تقسیم کو بڑھاتی ہیں۔ جب معاشرے میں نفرت کا بیج بویا جائے تو اس کا پھل بھی تلخ ہی ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ہم ہر طرف بداعتمادی، شکوک اور فاصلے محسوس کرتے ہیں، جو ایک صحت مند معاشرے کے لیے نقصان دہ ہیں۔ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ہم اجتماعی طور پر اس مسئلے کے خلاف کوئی مضبوط اور متحد آواز بلند کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ ہر گروہ اپنے اپنے مفاد یا نقطۂ نظر کے مطابق بات کرتا ہے، مگر ایک مشترکہ لائحہ عمل سامنے نہیں آتا۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو ہمیں ہر روز کسی نہ کسی سانحے کا سامنا کرنا پڑے گا اور ہم صرف افسوس اور الزام تراشی تک محدود رہ جائیں گے۔ یہ رویہ نہ تو مسائل کا حل ہے اور نہ ہی مستقبل کے لیے کوئی مثبت راستہ فراہم کرتا ہے۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ اختلاف دشمنی نہیں ہوتا بلکہ ایک فطری عمل ہے۔ اصل امتحان یہ ہے کہ ہم اس اختلاف کو کس طرح برداشت کرتے ہیں اور اسے مثبت انداز میں کیسے استعمال کرتے ہیں۔ تعلیم کا کردار اس حوالے سے نہایت اہم ہے۔ اگر تعلیمی ادارے طلبہ کو برداشت، مکالمہ اور تنقیدی سوچ کی تربیت دیں تو آنے والی نسلیں اس مسئلے کا بہتر انداز میں مقابلہ کر سکتی ہیں۔ اسی طرح مذہبی رہنماؤں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے خطابات میں اَمن، برداشت اور بھائی چارے کا پیغام دیں، تاکہ معاشرہ انتہا پسندی سے دور رہ سکے۔ سیاسی قیادت کو بھی اپنی زبان اور طرزِ عمل پر نظرِ ثانی کرنی ہوگی۔ اگر وہ خود مثبت رویہ اپنائیں گے تو ان کے کارکنان بھی اسی راستے پر چلیں گے، جس سے مجموعی ماحول بہتر ہو سکتا ہے۔ میڈیا کو بھی اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا اور ایسی خبروں یا مباحثوں سے گریز کرنا ہوگا جو نفرت کو بڑھاتے ہوں۔ مثبت اور تعمیری صحافت ہی معاشرے کو درست سمت میں لے جا سکتی ہے۔ یہ وقت الزام تراشی کا نہیں بلکہ خود احتسابی کا ہے۔ ہمیں بحیثیت قوم یہ دیکھنا ہوگا کہ ہم کہاں غلطی کر رہے ہیں اور اسے کیسے درست کیا جا سکتا ہے۔ اگر ہم نے بروقت اقدامات نہ کیے تو یہ زہر مزید پھیلتا جائے گا اور اس کے اثرات مزید خطرناک صورت اختیار کر سکتے ہیں، جنہیں سنبھالنا مشکل ہو جائے گا۔ معاشرے کی بہتری کے لیے ضروری ہے کہ ہم سب مل کر ایک ایسا ماحول بنائیں جہاں ہر فرد کو اپنی رائے کے اظہار کا حق ہو، مگر اس کے ساتھ ساتھ دوسروں کی رائے کا احترام بھی کیا جائے۔ ہمیں نفرت کے بجائے محبت، اور تشدد کے بجائے مکالمے کو فروغ دینا ہوگا۔ یہی وہ راستہ ہے جو ہمیں ایک پرامن اور مستحکم معاشرے کی طرف لے جا سکتا ہے۔ یہ فیصلہ ہمیں ہی کرنا ہے کہ ہم کس سمت جانا چاہتے ہیں۔ کیا ہم نفرت، تقسیم اور انتہا پسندی کے راستے پر چلتے رہیں گے یا برداشت، اتحاد اور شعور کا راستہ اختیار کریں گے؟ اگر ہم نے اجتماعی طور پر درست فیصلہ کر لیا اور اس پر عمل کیا تو یقیناً ہم ایک بہتر، پرامن اور ترقی یافتہ معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں جہاں اختلاف بھی ہو مگر احترام کے ساتھ، اور جہاں ہر فرد خود کو محفوظ اور باوقار محسوس کرے۔

قوم سائیکل پر، حکمران شاہانہ قافلوں میں

دیارِ غیر سے

شیراز حسین
Sheraziusa6710@gmail.com

پاکستان میں مہنگائی اب صرف ایک معاشی مسئلہ نہیں رہی، بلکہ حکمرانوں کی بے حسی اور عوام کے ساتھ مذاق کی علامت بنتی جا رہی ہے۔ ہر چند ہفتوں بعد پٹرول مہنگا کر دیا جاتا ہے، بجلی کے بلوں میں اضافہ کر دیا جاتا ہے، گیس غائب ہو جاتی ہے، اور پھر ٹی وی اسکرینوں پر بیٹھے وزراء قوم کو قربانی، کفایت شعاری اور مشکل فیصلوں کے لیکچر دینا شروع کر دیتے ہیں۔ مگر حیرت کی بات یہ ہے کہ یہ مشکل فیصلے ہمیشہ عوام کیلئے ہی کیوں ہوتے ہیں؟ اقتدار کے ایوانوں تک یہ مشکلات کبھی کیوں نہیں پہنچتیں؟ ایک طرف عوام کو کہا جا رہا ہے کہ پٹرول بچانے کیلئے کم سفر کریں، اسکول پانچ دن کر دیے جائیں، کاروبار جلد بند کیے جائیں، غیر ضروری نقل و حرکت کم کی جائے، مگر دوسری طرف حکمرانوں کے پروٹوکول پہلے سے زیادہ لمبے ہوتے جا رہے ہیں۔ درجنوں گاڑیوں کے قافلے، سینکڑوں پولیس اہلکار، کروڑوں روپے کے سرکاری اخراجات، اور شاہانہ طرزِ زندگی یہ سب اُس ملک میں ہو رہا ہے جہاں ایک عام آدمی اپنے بچوں کیلئے دودھ خریدنے سے پہلے بھی حساب لگاتا ہے۔ یہ کیسی کفایت شعاری ہے جہاں قوم کو موٹر سائیکل کم چلانے کا مشورہ دیا جاتا ہے مگر وزراء کی لینڈ کروزرز کے ٹینک کبھی خالی نہیں ہوتے؟ یہ کیسا معاشی بحران ہے جہاں ایک مزدور دو وقت کی روٹی کیلئے پریشان ہے مگر حکمران طبقہ آج بھی پانچ ستارہ ہوٹلوں میں اجلاس اور سرکاری خرچ پر عیاشیاں کر رہا ہے؟ حکومت کہتی ہے ملک مشکل دور سے گزر رہا ہے۔ اگر واقعی ایسا ہے تو پھر سب سے پہلے حکمرانوں کی مراعات ختم کیوں نہیں ہوتیں؟ کیوں آج بھی مفت پٹرول، مفت بجلی، مفت سرکاری رہائش، بیرون ملک دورے اور کروڑوں کے پروٹوکول جاری ہیں؟ کیوں قوم کو قربانی کا بکرا بنایا جاتا ہے جبکہ اقتدار کے ایوانوں میں بیٹھے لوگ خود کو ہر تکلیف سے محفوظ رکھتے ہیں؟ اسکولوں کو پانچ دن پر منتقل کرنا دراصل اس نظام کی ناکامی کا اعتراف ہے۔ ایک ایٹمی طاقت رکھنے والا ملک آج اس نہج پر پہنچ چکا ہے کہ بچوں کی تعلیم بھی پٹرول کی قیمتوں کی نذر کی جا رہی ہے۔ کاروباروں کو جلد بند کرنے کا حکم دیا جاتا ہے جیسے پاکستان کی معیشت کا سارا بوجھ صرف دکاندار اور مزدور ہی اٹھا رہے ہوں۔ مگر کبھی کسی حکومت نے یہ اعلان نہیں کیا کہ وزراء آدھی تنخواہ لیں گے؟ کبھی کسی اسمبلی نے اپنے شاہانہ بجٹ کم کیے؟ کبھی کسی طاقتور ادارے نے اپنی غیر ضروری آسائشیں ختم کیں؟ اصل مسئلہ معیشت نہیں، اصل مسئلہ حکمرانوں کی ترجیحات ہیں۔ عوام کیلئے ہمیشہ قربانی، جبکہ حکمرانوں کیلئے ہمیشہ سہولت۔ غریب کیلئے لائٹیں، مہنگائی اور پابندیاں، جبکہ اشرافیہ کیلئے پروٹوکول، مراعات اور طاقت۔ یہ ملک شاید دنیا کا واحد ملک بن چکا ہے جہاں عوام کو بجلی بچانے کیلئے پنکھے بند کرنے کا کہا جاتا ہے جبکہ سرکاری دفاتر دن رات روشن رہتے ہیں۔ قوم کو کہا جاتا ہے کہ پٹرول کم استعمال کریں مگر حکمرانوں کے قافلے پورے شہر کا ٹریفک روک کر گزرتے ہیں۔ عوام کو کہا جاتا ہے کہ صبر کریں، مگر حکمرانوں کی عیا

سپورٹس ڈیسک

گلین میکسویل ون ڈے سے ریٹائر مگر وکٹوریہ کی طرف سے کھیلیں گے

کرکٹ آسٹریلیا کا کنٹریکٹ ختم ہونے کے بعد ریاست کوئینز لینڈ میں رہائش کے باوجود وکٹوریہ کے لیے اپنی دستیابی کا اعلان

میلبورن (این این آئی) آسٹریلیا کے مایہ ناز آل راؤنڈر گلین میکسویل نے ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ سے ریٹائرمنٹ اور سٹیٹ کنٹریکٹ نہ ہونے کے باوجود وکٹوریہ کی جانب سے 50 اوورز کی کرکٹ کھیلنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ای ایس پی این کے مطابق گلین میکسویل کی طرح مینتھیو شارٹ بھی کرکٹ آسٹریلیا کا کنٹریکٹ ختم ہونے کے بعد ریاست کوئینز لینڈ میں رہائش کے باوجود وکٹوریہ کے لیے اپنی دستیابی برقرار رکھیں گے۔گلین میکسویل جوروان سال اکتوبر میں 38 برس کے ہو جائیں گے،2025 کی چیمپئنز ٹرافی کے بعد ون ڈے کرکٹ کو خیر باد کہہ چکے ہیں، تاہم وہ اپنی فٹنس اور فارم کو برقرار رکھنے کے لئے وکٹوریہ کی جانب سے ون ڈے کپ کھیلنے کے خواہش مند ہیں۔ گزشتہ سال بھی انہوں نے ریٹائرمنٹ کے بعد وکٹوریہ کیلئے 2 میچ کھیلے تھے جس میں ایک شاندار سنچری بھی شامل تھی۔گلین میکسویل کا ہدف اب صرف ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ ہے اور وہ خود کو انٹرنیشنل کرکٹ کے لئے تیار رکھنا چاہتے ہیں۔دوسری جانب مینتھیو شارٹ نے غیر ملکی فرنچائز لیگز میں شرکت اور شیڈول کی آزادی کے پیش نظر سٹیٹ کنٹریکٹ نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، جس سے انہیں این او سی کے حصول میں آسانی رہے گی۔وکٹوریہ کرکٹ نے سیزن 27-2026 کے لئے اپنے سکواڈ کا اعلان بھی کر دیا ہے جس میں کئی نوجوان کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے جبکہ پیٹر ہینڈز کومب، مارکس ہیرس اور سکاٹ بولینڈ جیسے تجربہ کار کھلاڑی سکواڈ کا حصہ ہیں۔وکٹوریہ کرکٹ نے سیزن 27-2026 کے لئے اپنے سکواڈ کا اعلان بھی کر دیا ہے جس میں کئی نوجوان کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے جبکہ پیٹر ہینڈز کومب، مارکس ہیرس اور سکاٹ بولینڈ جیسے تجربہ کار کھلاڑی سکواڈ کا حصہ ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

سڈنی، فٹبال لیگ میچ کے دوان کھلاڑی ایک دوسرے بال چھین رہے ہیں

آئی سی سی نے سالانہ درجہ بندی کی فہرست جاری کر دی

مردوں میں بھارت اور خواتین میں آسٹریلیا نے بدستور پہلی پوزیشن برقرار

لاہور (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی جانب سے سالانہ درجہ بندی کی فہرست جاری کر دی گئی جس کے مطابق مردوں میں بھارت اور خواتین میں آسٹریلیا نے بدستور پہلی پوزیشن برقرار رکھی ہے۔نئی درجہ بندی میں مئی 2025 کے بعد کھیلے گئے مقابلوں کو مکمل اہمیت دی گئی ہے جبکہ اس سے پہلے کے دو برس کے مقابلوں کو نصف اہمیت دی گئی ہے۔مردوں کی فہرست میں بھارت 275 پوائنٹس کے ساتھ سرفہرست ہے تاہم انگلینڈ کے ساتھ اس کا فرق کم ہو کر 13 پوائنٹس رہ گیا ہے۔انگلینڈ 262 پوائنٹس کے ساتھ دوسرے اور آسٹریلیا 258 پوائنٹس کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ابتدائی سات ٹیموں کی پوزیشن میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، جن میں نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ، پاکستان اور ویسٹ انڈیز شامل ہیں۔دیگر تبدیلیوں میں سری لنکا چھ پوائنٹس کی کمی کے بعد نویں نمبر پر چلی گئی ہے جبکہ بنگلہ دیش اس سے آگے نکل گیا ہے۔امریکہ نے نمایاں بہتری دکھاتے ہوئے 13 ویں پوزیشن حاصل کی جبکہ نیپال اور اٹلی نے بھی درجہ بندی میں ترقی کی۔اس کے علاوہ اسپین، قبرص اور ایسواتینی نے بھی اپنی پوزیشن بہتر بنائی جبکہ موزمبیق کو سب سے زیادہ نقصان اٹھانا پڑا اور وہ 15 درجے نیچے چلا گیا۔خواتین کی درجہ بندی میں آسٹریلیا 287 پوائنٹس کے ساتھ پہلے نمبر پر ہے جبکہ انگلینڈ 275 اور بھارت 264 پوائنٹس کے ساتھ بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہیں۔نیوزی لینڈ، جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز چوتھے سے چھٹے نمبر پر موجود ہیں جبکہ سری لنکا ساتویں نمبر پر رہتے ہوئے چھٹی ٹیم کے قریب پہنچ گئی ہے۔دیگر نمایاں تبدیلیوں میں امریکہ نے 22 ویں سے 20 ویں اور جرمنی نے 35 ویں سے 29 ویں پوزیشن حاصل کی۔نئی درجہ بندی کے بعد خواتین کی فہرست میں 78 ٹیمیں شامل ہیں جبکہ کم مقابلے کھیلنے کے باعث کچھ ٹیمیں فہرست سے باہر ہو گئی ہیں۔

☆☆☆☆☆

بابر اعظم کو دوبارہ کپتان نہیں بنانا چاہیے، احمد شہزاد

آپ پانچ سال کی ناکامی کو ایک ٹورنامنٹ کی کامیابی سے کیسے بدل سکتے ہیں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) پاکستان کے اوپنر بیٹر احمد شہزاد نے کہا ہے کہ بابر اعظم کو دوبارہ کپتان نہیں بنانا چاہیے۔نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے احمد شہزاد نے کہا کہ ایک ٹورنامنٹ کے 8 میچوں میں اچھی کپتانی ہو گئی یا ٹیم جیت گئی تو اس کا مطلب ہے کہ کپتان بالکل بدل گیا ہے، پہلے پانچ سال ٹیم کی کپتانی کس

کے پاس تھی۔انہوں نے کہا کہ آپ پانچ سال کی ناکامی کو ایک ٹورنامنٹ کی کامیابی سے کیسے بدل سکتے ہیں۔احمد شہزاد نے کہا کہ بابر اعظم بہت زبردست کھیل رہے ہیں انہیں چاہیے کہ اپنی بیٹنگ پر توجہ دیں اور پاکستان کے لیے ڈھیروں رنز کر کے میچز جتوائیں، ان کے اور ملک کے لیے یہی بہتر ہے۔انہوں نے کہا کہ بابر کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ان کی ٹیسٹ میں پرفارمنس نہیں ہے، 24 سے 25 اننگز میں صرف دو نصف سنچریاں ہیں۔بہت زبردست کھیل رہے ہیں انہیں چاہیے کہ اپنی بیٹنگ پر توجہ دیں اور پاکستان کے لیے ڈھیروں رنز کر کے میچز جتوائیں، ان کے اور ملک کے لیے یہی بہتر ہے۔انہوں نے کہا کہ بابر کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ان کی ٹیسٹ میں پرفارمنس نہیں ہے، 24 سے 25 اننگز میں صرف دو نصف سنچریاں ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

انگلینڈ کے فاسٹ باؤلر اولی روبنسن کے ٹیسٹ ٹیم میں واپسی کیلئے رابطے

ہیڈ کوچ برینڈن میکولم اور مینجنگ ڈائریکٹر راب کی سے رابطے تیز کر دیئے ، دوبارہ شمولیت کے امکانات بڑھ گئے

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے فاسٹ باؤلر اولی روبنسن نے ٹیسٹ ٹیم میں ممکنہ واپسی کے لئے ہیڈ کوچ برینڈن میکولم اور مینجنگ ڈائریکٹر راب کی سے رابطے تیز کر دیئے ہیں جس کے بعد ان کی قومی ٹیم میں دوبارہ شمولیت کے امکانات بڑھ گئے ہیں۔برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق 32 سالہ اولی روبنسن نے جون 2021 سے فروری 2024 کے درمیان 20 ٹیسٹ میچز میں شرکت کرتے ہوئے 76 وکٹیں حاصل کیں، تاہم فٹنس مسائل، خصوصاً کمر کی تکلیف، ان کے کیریئر میں بڑی رکاوٹ بنی۔آسٹریلیا اور بھارت کے خلاف سیریز کے دوران انجری کے باعث ان کی کارکردگی متاثر رہی جبکہ بعد ازاں ٹیم مینجمنٹ کے ساتھ تعلقات میں بھی کشیدگی پیدا ہو گئی تھی۔اکتوبر 2024 میں مرکزی معاہدہ ختم ہونے کے بعد اولی روبنسن قومی ٹیم سے باہر ہو گئے تھے، تاہم انہوں نے ڈومیسٹک کرکٹ میں عمدہ کارکردگی کے ذریعے دوبارہ توجہ حاصل کی ہے۔سسیکس کی نمائندگی کرتے ہوئے انہوں نے گزشتہ سیزن میں 10 میچز میں 39 وکٹیں حاصل کیں جبکہ رواں سیزن میں بھی وہ 11 وکٹیں لے چکے ہیں اور ایک ناقابلِ شکست سنچری بھی سکور کی ہے۔اولی روبنسن کا کہنا ہے کہ سیزن کے آغاز میں کوچ کی جانب سے انہیں پیغام ملا کہ ٹیم کے دروازے اب بھی کھلے ہیں جبکہ مینجنگ ڈائریکٹر راب کی نے بھی بہتر کارکردگی جاری رکھنے کی تلقین کی۔ان کے مطابق یہ حوصلہ افزائی ان کی کارکردگی میں بہتری کا باعث بنی ہے۔انگلینڈ ٹیم کا اعلان مئی کے وسط میں متوقع ہے، جب نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے لئے سکواڈ کا انتخاب کیا جائے گا۔باؤلنگ لائن میں متعدد کھلاڑیوں کی عدم دستیابی اور انجریز کے باعث نئے مواقع پیدا ہو گئے ہیں، جس سے رابنسن کی واپسی کے امکانات مزید مضبوط ہو گئے ہیں۔اولی روبنسن نے اپنے بیان میں کہا کہ اب ان کی پوری توجہ کرکٹ پر مرکوز ہے اور وہ پہلے سے زیادہ تیار اور پختہ کھلاڑی بن چکے ہیں۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اگر موقع ملا تو وہ اپنی کارکردگی سے ٹیم کی توقعات پر پورا اتریں گے۔انگلینڈ ٹیم کا اعلان مئی کے وسط میں متوقع ہے، جب نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے لئے سکواڈ کا انتخاب کیا جائے گا۔باؤلنگ لائن میں متعدد کھلاڑیوں کی عدم دستیابی اور انجریز کے باعث نئے مواقع پیدا ہو گئے ہیں، جس سے رابنسن کی واپسی کے امکانات مزید مضبوط ہو گئے ہیں۔اولی روبنسن نے اپنے بیان میں کہا کہ اب ان کی پوری توجہ کرکٹ پر مرکوز ہے اور وہ پہلے سے زیادہ تیار اور پختہ کھلاڑی بن چکے ہیں۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اگر موقع ملا تو وہ اپنی

مولانا ادریس ترنگزئی، علم وتقویٰ کا یہ ستارہ ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، شاہد آفریدی

سابق قومی کپتان کا مولانا محمد ادریس کی شہادت پر شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے مولانا محمد ادریس ترنگزئی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں شاہد آفریدی نے لکھا کہ ممتاز عالم دین، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس ترنگزئی صاحب کی بزدلانہ قاتلانہ حملے میں شہادت کی خبر پر دل انتہائی رنجیدہ کر رہے۔شاہد

آفریدی نے کہا کہ علم وتقویٰ کا یہ ستارہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔اُمید ہے قاتلوں کو جلد بے نقاب کیا جائے گا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے مولانا محمد ادریس ترنگزئی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں شاہد آفریدی نے لکھا کہ ممتاز عالم دین، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس ترنگزئی صاحب کی بزدلانہ قاتلانہ حملے میں شہادت کی خبر پر دل انتہائی رنجیدہ کر رہے۔شاہد آفریدی نے کہا کہ علم وتقویٰ کا یہ ستارہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔اُمید ہے قاتلوں کو جلد بے نقاب کیا جائے گا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

امریکا میں فیفا ورلڈ کپ کیلئے جوش وخروش پیدا نہیں ہو سکا

بکنگ اندازوں سے کم، ہوٹل مالکان نے فٹبال ورلڈ کپ کو نان ایونٹ قرار دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں 11 جون سے شروع ہونے والے فٹبال ورلڈ کپ کیلئے اب تک کوئی جوش و خروش پیدا نہیں ہو سکا۔امریکی میڈیا کے مطابق امریکا میں فٹبال ورلڈ کپ کے میچ 11 شہروں میں ہوں گے۔ تقریباً 80 فیصد ہوٹل مالکان نے کہا کہ بکنگ اندازوں سے کم ہے۔کچھ ہوٹل مالکان نے فٹبال ورلڈ کپ کو نان ایونٹ قرار دیا ہے۔ورلڈ کپ کے میچ 11 شہروں میں ہوں گے۔تقریباً 80 فیصد ہوٹل مالکان نے کہا کہ بکنگ اندازوں سے کم ہے۔کچھ ہوٹل مالکان نے فٹبال ورلڈ کپ کو نان ایونٹ قرار دیا ہے۔

ایشین ہاکی فیڈریشن کا انڈر 18 ایشیا کپ ہاکی کا شیڈول جاری

ٹورنامنٹ 29 مئی سے 6 جون تک کاکامیگاہارا، جاپان میں ہوگا، پاکستان کا پہلا ٹاکراچین سے ہوگا

ٹوکیو (این این آئی) ایشین ہاکی فیڈریشن نے مینز انڈر 18 ایشیا کپ ہاکی 2026 کے باضابطہ شیڈول کی منظوری دے دی۔ٹورنامنٹ 29 مئی سے 6 جون 2026 تک کاکامیگاہارا، جاپان میں کھیلا جائے گا، جس میں ایشیا کی بہترین ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لیے مدِ مقابل ہوں گی۔ایونٹ میں ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے، پول اے میں بھارت، کوریا، میزبان جاپان، چائنیز تائپے اور قازقستان شامل ہیں، جبکہ پول بی میں پاکستان، ملائیشیا، بنگلہ دیش اور چین کو رکھا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆

شو بز ڈیسک

بھارت میں کام کے دوران اردو الفاظ استعمال کرنے پر مشکلات کا سامنا رہا: عمران عباس

بھارتی اداکار اردو کے حرف خ کو مختلف انداز میں ادا کرتے ہیں، وہ لفظ کے کی جگہ کی بولتے ہیں، جو ہندی کے اثر کی وجہ سے ہے

معروف پاکستانی اداکار عمران عباس نے بھارت میں کام کے دوران اردو زبان کے مختلف لہجوں کی وجہ سے پیش آنے والی مشکلات سے متعلق

دلچسپ انکشاف کیا ہے۔حال ہی میں ایک موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عمران عباس نے بتایا کہ بھارت میں اردو کے تلفظ میں فرق کے باعث مجھے کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ بھارتی اداکار اردو کے حرف خ کو مختلف انداز میں ادا کرتے ہیں، وہ لفظ کے کی جگہ کی بولتے ہیں، جو ہندی کے اثر کی وجہ سے ہے، جب میں نے جانثار میں بپاشا باسو کے ساتھ کام کیا تو انداز میں ادا کرتے ہیں، وہ لفظ کے کی جگہ کی بولتے ہیں، جو ہندی کے اثر کی وجہ سے ہے، جب میں نے جانثار میں بپاشا باسو کے ساتھ کام کیا تو مجھ سے کہا گیا کہ میں کے کے بجائے کی بولوں، لیکن میں نے اپنا اصل تلفظ برقرار رکھا، جس پر بحث بھی ہوئی۔عمران عباس نے بتایا کہ فلم اے دل ہے مشکل کی شوٹنگ کے دوران بھی مجھے اسی نوعیت کے مسائل کا سامنا رہا، جہاں انوشکا شرما کے ساتھ کام کرتے ہوئے بعض الفاظ کے تلفظ میں اختلاف سامنے آیا۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ لفظ بیوقوف کو میں بیوقوف ادا کرتا تھا جبکہ بھارتی فنکار اسے بیوخوف کہتے تھے۔اداکار کا کہنا ہے کہ یہ معمولی فرق دراصل مختلف خطوں کی لسانی تنوع کی عکاسی کرتا ہے اور اسے سراہا جانا چاہیے۔معروف پاکستانی اداکار عمران عباس نے بھارت میں کام کے دوران اردو زبان کے مختلف لہجوں کی وجہ سے پیش آنے والی مشکلات سے متعلق دلچسپ انکشاف کیا ہے۔حال ہی میں ایک موقع پر گفتگو کرتے ہوئے عمران عباس نے بتایا کہ بھارت میں اردو کے تلفظ میں فرق کے باعث مجھے کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے کہا کہ بھارتی اداکار اردو کے حرف خ کو مختلف

عرفان خان کی گمشدہ فلم انتقال کے چھ سال بعد ریلیز، مداح حیران

عرفان خان اور ودیا بالن کی غیر ریلیز شدہ فلم دی لاسٹ ٹیسٹ یوٹیوب پر جاری کر دی گئی

ممبئی (شو بز نیوز) بھارتی سینما کے لیجنڈری اداکار عرفان خان کی ایک نایاب اور طویل عرصے سے غائب فلم بالآخر ان کے انتقال کے چھ سال بعد مداحوں کے لیے جاری کر دی گئی، جس نے شائقین کو حیرت اور جذبات میں مبتلا کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق عرفان خان کی چھٹی برسی کے موقع پر ان کی اور ودیا بالن کی پرانی، غیر ریلیز شدہ فلم دی لاسٹ ٹیسٹ کو یوٹیوب پر پیش کیا گیا ہے۔یہ فلم تقریباً 25 برس تک منظر عام سے دور رہی اور اب پہلی بار ناظرین کو دیکھنے کا موقع ملا ہے۔فلم کو ریلیز ہوتے ہی غیر معمولی توجہ حاصل ہوئی، جہاں صرف تین دنوں میں اسے دو لاکھ سے زائد مرتبہ دیکھا گیا، جو ناظرین کے تجسس اور دلچسپی کا واضح ثبوت ہے۔دی لاسٹ ٹیسٹ 2000 میں محدود وسائل کے ساتھ تیار کی گئی تھی۔اس کی ہدایت کاری اور تحریر سارتھک داس گپتا نے کی، جبکہ پروڈکشن نینا اور سارتھک داس گپتا نے مشترکہ طور پر سنبھالی۔یہ فلم کئی حوالوں سے منفرد اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ اس میں عرفان خان اور ودیا بالن اپنے کیریئر کے ابتدائی دور میں دکھائی دیتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ اسے بھارتی فلمی تاریخ کی ایک نایاب دستاویز قرار دیا جا رہا ہے۔دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ دونوں اداکاروں کا واحد مشترکہ اسکرین پروجیکٹ بھی ہے، جبکہ ودیا بالن کے ابتدائی ترین کاموں میں بھی اس فلم کو خاص مقام حاصل ہے

نمرہ خان نے نکاح کی تصاویر شیئر کر دیں، دلہے کا چہرہ سامنے آگیا

نمرہ خان نے شادی کی تصاویر میں دلہا کا چہرہ چھپائے رکھا تھا جس کے بعد مداحوں میں تجسس تھا کہ دلہا کون ہے؟

پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ نمرہ خان نے گزشتہ دنوں اپنی دوسری شادی کی اطلاع دی تھی، لیکن دلہا کا چہرہ ظاہر نہیں کیا تھا، جس کی وجہ سے مداحوں میں تجسس تھا۔لیکن اب نمرہ خان نے انسٹاگرام پر اپنے نکاح کی تصاویر شیئر کی ہیں، جس میں دلہے کا چہرہ میں دیکھا جاسکتا ہے۔اداکارہ نے لندن میں اپنی شادی کی تصاویر شیئر کرتے ہوئے مداحوں کو اپنی دوسری شادی کی اطلاع دی تھی۔اب اُنکل ٹاور کے سامنے لی گئی تصاویر کے ساتھ نمرہ خان نے اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس نئے رشتے کو اللہ کی رحمت قرار دیا۔ان کی پوسٹ سامنے آتے ہی مداحوں، ساتھی فنکاروں اور شوبز شخصیات نے نیک تمناں کا اظہار کیا۔لیکن مداحوں کو تجسس تھا کہ نمرہ خان کا دلہا کون ہے؟اب نمرہ خان نے اس راز سے پردہ اٹھاتے ہوئے نکاح کی تصاویر شیئر کی ہیں۔اور اپنے نکاح کیلیے اللہ کا شکر ادا کیا ہے۔مداحوں نے اداکارہ کو مبارک باد دیتے ہوئے جوڑی کی تعریف کی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

صبا قمر پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں، نمرہ شاہد

میں مائیکل جیکسن کی بہت بڑی فین ہوں، کنگ آف پاپ پر بننے والی بائیوپک دیکھ کر رو پڑی تھی، اداکارہ

کراچی (شو بز نیوز) اداکارہ نمرہ شاہد نے کہا ہے کہ مجھے لگتا ہے جس طرح صبا قمر معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی

کرسکتا ہے، وہ پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں۔تفصیلات کے مطابق ان دنوں دنیا بھر میں ریلیز ہونے والی بائیوپک مائیکل خبروں میں ہے جس میں کنگ آف پاپ مائیکل جیکسن کی زندگی کے نشیب وفراز کو عکس بند کیا گیا ہے۔شہرت یافتہ فنکار مائیکل جیکسن کے پاکستان میں بھی فین کم نہیں، ایسی ہی ان کی ایک فین اداکارہ نمرہ شاہد بھی ہیں۔حال ہی میں اختتام پذیر ہونے والے ڈرامے ایک اور پاکیزہ میں نور بھری کا کردار کرنے والی اداکارہ نمرہ شاہد نے ایک انٹرویو میں فلم کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ مائیکل جیکسن کی بہت بڑی فین ہیں، کنگ آف پاپ پر بننے والی بائیوپک دیکھ کر رو پڑی تھیں۔نمرہ نے مائیکل کے بھتیجے جعفر جیکسن کی بھی تعریف کی اور کہا کہ جعفر جیکسن نے خوبصورتی سے کردار نبھایا، انہیں بھی 2 سال لگے مائیکل جیکسن بننے میں، یہ ہوتا ہے فنکار صرف وہی یہ کردار نبھا سکتے تھے۔اس پر اداکارہ سے سوال کیا گیا کہ کیا وہ کسی فنکار کی بائیوپک کرنا پسند کریں گی؟ نمرہ نے کہا کہ وہ اداکارہ صبا قمر کی بائیوپک کرنے کی خواہشمند ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں صبا قمر کی بائیوپک کرنا چاہوں گی وہ نا صرف ایک خوبصورت اداکارہ ہیں بلکہ ایک کمال فنکار ہیں، مجھے لگتا ہے جس طرح وہ معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صبا جیسا فنکار ہمارے پاس ہے ہی نہیں وہ پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں۔ نمرہ نے کہا کہ وہ اداکارہ صبا قمر کی بائیوپک کرنے کی خواہشمند ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں صبا قمر کی بائیوپک کرنا چاہوں گی وہ نا صرف ایک خوبصورت اداکارہ ہیں بلکہ ایک کمال فنکار ہیں، مجھے لگتا ہے جس طرح وہ معیاری کام کر رہی ہیں اس طرح کا کام شاید ہی کوئی کرسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صبا جیسا فنکار ہمارے پاس ہے ہی نہیں وہ پاکستان کی مائیکل جیکسن ہیں۔

ذاتی باتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شیئر نہ کریں، اداکارہ فضیلہ قاضی

اداکارہ فضیلہ قاضی کے حالیہ بیان نے سوشل میڈیا پر نئی بحث کو جنم دے دیا

کراچی (شو بز نیوز) سینئر پاکستانی اداکارہ فضیلہ قاضی نے کہا ہے کہ اپنی تمام ذاتی باتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شیئر نہ کریں۔اداکارہ فضیلہ قاضی کے حالیہ بیان نے سوشل میڈیا پر نئی بحث کو جنم دے دیا، ایک نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے خواتین کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی تمام ذاتی باتیں اپنے شوہروں کے ساتھ شیئر نہ کریں، بعض اوقات مردان باتوں کو یاد رکھتے ہیں اور اختلاف کی صورت میں انہیں بطور طعنہ استعمال کرتے ہیں۔فضیلہ قاضی نے اپنی ذاتی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے ایک موقع پر اپنے شوہر سے کچھ باتیں شیئر کیں، تاہم بعد میں انہی باتوں کو بحث کے دوران دہرایا گیا، اس تجربے کے بعد انہوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ ہر بات شریکِ حیات کے ساتھ شیئر کرنا مناسب نہیں ہوتا۔پروگرام کی میزبان نے بھی اس موقف کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ خواتین کو خاص طور پر اپنے میکے سے متعلق معاملات شیئر کرنے میں احتیاط برتنی چاہیے کیونکہ یہ معلومات بعض اوقات کمزوری کے طور پر استعمال ہوسکتی ہیں۔اداکارہ کے اس بیان کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ملا جلا ردعمل سامنے آرہا ہے، کچھ افراد ان کی بات سے اتفاق کر رہے ہیں جبکہ دیگر اسے ازدواجی اعتماد کے منافی قرار دے رہے ہیں۔

پریتی زنٹا کی فلم ''لاہور 1947 سائن'' 13 اگست کو ریلیز ہو گی

کوئی بھی عورت ٹرافی نہیں بننا چاہتی، ٹرافیاں شیشے کے شوکیس میں رکھی جاتی ہیں، جبکہ عورت کا مقام آپ کی زندگی اور دل میں ہوتا ہے، اداکارہ

ممبئی (شو بز نیوز) بالی ووڈ اداکارہ پریتی زنٹا نے سوشل میڈیا پر خود کو ٹرافی کہے جانے پر سخت ردِعمل دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ کسی بھی عورت کو اس طرح کا لیبل دینا قابلِ قبول نہیں۔پریتی زنٹا نے اپنے ایکس اکاؤنٹ (ٹوئٹر) پر جاری چیٹ سیشن کے دوران ایک صارف کے تبصرے کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی عورت ٹرافی نہیں بننا چاہتی، ٹرافیاں شیشے کے شوکیس میں رکھی جاتی ہیں، جبکہ عورت کا مقام آپ کی زندگی اور دل میں ہوتا ہے۔ان کے اس جواب کو سوشل میڈیا پر کافی پزیرائی ملی اور صارفین نے ان کے واضح اور باوقار موقف کو سراہا ہے۔اداکارہ کل ہو ناہو اور ویرزارا جیسی کامیاب فلموں کے لیے جانی جاتی ہیں، انہوں نے اپنے چیٹ سیشن میں اپنی آنے والی فلموں سے متعلق بھی بات کی۔انہوں نے بتایا کہ میری فلم لاہور 1947 سائن ایک محبت کی کہانی ہے جو تقسیم اور نفرت کے دور میں ترتیب دی گئی ہے۔پریتی زنٹا نے یہ بھی تصدیق کی کہ میری یہ فلم 13 اگست 2026 کو ریلیز ہوگی۔

☆☆☆☆☆☆☆

بقیہ 1

کہا کہ ایرانی افواج نہ صرف امریکی فوجی اڈوں بلکہ خطے میں موجود دشمن کے جنگی جہازوں کو بھی نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ایران اپنی تیل بردار جہاز رانی، سمندری راستوں اور قومی مفادات کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدام کرے گا۔دوسری جانب ایرانی خبر ایجنسی نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے پاکستانی ثالثوں کے ذریعے ایران کو جنگ بندی میں توسیع سے متعلق نئی تجاویز بھجوائی ہیں۔رپورٹس کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان بالواسطہ سفارتی رابطے جاری ہیں اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ماہرین کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز میں جاری تناؤ، امریکی بحری سرگرمیوں اور بڑھتی ہوئی عسکری نقل و حرکت کے باعث مشرق وسطیٰ کی صورتحال نہایت حساس ہو چکی ہے۔ایران پہلے ہی واضح کر چکا ہے کہ اگر اس کی تیل برآمدات یا بحری راستوں کو نقصان پہنچایا گیا تو سخت ردعمل دیا جائے گا۔

بقیہ 2

استحکام کے لیے ناگزیر ہیں، سٹریٹجک اصلاحات، علاقائی روابط، مالیاتی نظم وضبط اور ادارہ جاتی مضبوطی پاکستان کو ایک مضبوط اور پائیدار معیشت کے طور پر آگے بڑھا رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے لاہور میں منعقدہ ساؤتھ ایشین فیڈریشن آف اکاؤنٹنٹس کانفرنس سے بطور مہمان خصوصی خطاب کے دوران کیا۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس پاکستان کو اکاؤنٹنگ اور فنانس کے شعبے میں 75 سالہ شاندار خدمات اور پاکستان میں ادارہ جاتی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرنے پر مبارکباد پیش کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شفافیت، جوابدہی اور مضبوط مالیاتی حکمرانی پائیدار اقتصادی ترقی، سرمایہ کاروں کے اعتماد اور معاشی استحکام کے لیے ناگزیر ہیں۔دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق اسحاق ڈار نے اکاؤنٹنگ کے شعبے پر ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز کے انقلابی اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے عالمی رجحانات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی ضرورت پر زور دیا۔پاکستان کی بے پناہ معاشی صلاحیتوں کا ذکر کرتے ہوئے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے کہا کہ سٹریٹجک اصلاحات، علاقائی روابط، مالیاتی نظم وضبط اور ادارہ جاتی مضبوطی پاکستان کو ایک مضبوط اور پائیدار معیشت کے طور پر آگے بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے علاقائی امن، استحکام، مکالمے اور اقتصادی تعاون کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو بھی اجاگر کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ ساؤتھ ایشین فیڈریشن آف اکاؤنٹنٹس کے پلیٹ فارم کے ذریعے علاقائی تعاون، نوجوانوں کو بااختیار بنانا اور حکومت پاکستان کی اصلاحات کے لیے وابستگی، کارکردگی، جوابدہی، پائیدار ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ 3

نے 10 مئی کو منائے جانے والے یوم معرکہ حق کے موقع پر پوری قوم کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اور اس دن کو پاکستان کی قومی تاریخ کا ایک قابل فخر اور تاریخی موڑ قرار دیا ہے۔"اے پی پی" سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو گزشتہ سال معرکہ حق میں شاندار فتح سے نوازا تھا اور اس عظیم اعزاز پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے جتنی بھی شکر گزاری ہو سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ معرکہ حق ہماری قومی تاریخ میں ایک اہم مقام رکھتا ہے۔اس نے اتحاد، عزت اور وقار کے لیے ہماری پوری قوم کی گہری خواہش کو پورا کیا، اس خواہش کو اللہ نے اس تاریخی لمحے کے ذریعے پورا کیا۔اور نگزیب خان کھچی نے جیت کا سہرا وزیراعظم شہباز شریف کی وژنری قیادت اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی جرات مندانہ سٹریٹجک سوچ کو دیتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں اللہ تعالیٰ نے قوم کو یہ فاتحانہ دن نصیب کیا۔انہوں نے اس اہم لمحے کے دوران افواج پاکستان اور پاکستانی عوام کے بے مثال اتحاد کو مزید اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ ہماری قوم اور ہماری افواج کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہیں اور اس یکجہتی نے پورے ملک کے حوصلے بلند کیے ہیں۔پاکستان کے مستقبل پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے وزیر ثقافت نے کہا کہ معرکہ حق کے دوران قوم اور فوج کے درمیان قائم ہونے والا رشتہ برقرار رہے گا، پاکستان کو آنے والے ہر چیلنج اور صورتحال کا مقابلہ کرنے کی پوری صلاحیت سے لیس کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اللہ کی مسلسل رہنمائی پر مکمل یقین کا اظہار کرتے ہوئے اور پاکستان کے لیے ہر وقت اس کی برکتوں اور کامیابیوں کے لیے دعا کے ساتھ کیا۔

بقیہ 4

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان معاشی استحکام اور صنعتی ترقی کی جانب گامزن ہے، صنعتی ترقی و برآمدات کے فروغ کیلئے دن رات کوشاں ہیں، پاک چین اقتصادی تعاون دونوں ممالک کیلئے ترقی و خوشحالی کا اہم ذریعہ ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے حالیہ ایران۔امریکا کشیدگی میں اپنی دور اندیشی سے خطے کو بڑے بحران سے بچایا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو مقامی ہوٹل میں منعقدہ پاک۔چین بزنس ٹو بزنس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کانفرنس میں چین کی 74 کمپنیوں کے 106 نمائندوں، پاکستان کی 136 کمپنیوں اور 252 کاروباری نمائندوں سمیت دونوں ممالک کے سرمایہ کاروں، صنعت کاروں اور مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی کاروباری شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔معاون خصوصی نے کہا کہ پاکستان اور چین کی دوستی اب معاشی شراکت داری کے نئے دور میں داخل ہو چکی ہے، پاکستان چین تعلقات اعتماد، مستقل مزاجی اور مشترکہ وژن پر مبنی ہیں، پاکستان اور چین کے درمیان بزنس ٹو بزنس روابط نئی اقتصادی راہیں کھول رہے ہیں۔ہارون اختر خان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے گزشتہ سال دورہ چین کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں اور چینی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بحال ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان سرمایہ کاری کے لیے ایک موزوں اور ابھرتی ہوئی مارکیٹ کے طور پر دنیا کے سامنے آ رہا ہے، حکومت صنعتی ترقی، برآمدات کے فروغ اور کاروباری سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان معاشی استحکام اور صنعتی ترقی کی جانب گامزن ہے، پاکستان میں صنعتی بحالی اور برآمدات کے فروغ کے لیے بڑے پیمانے پر اصلاحات جاری ہیں، نیشنل انڈسٹریل پالیسی اور نیشنل ٹیرف پالیسی کے ذریعے کاروباری لاگت کم کی جا رہی ہے، ریگولیٹری گیلوٹین کے تحت غیر ضروری رکاوٹیں ختم کی جا رہی ہیں، پاکستان کو کم سے کم ریگولیٹڈ اور زیادہ سہولت فراہم کرنے والی معیشت بنایا جا رہا ہے، ہر ایم او یو اور جوائنٹ وینچر پر عملدرآمد کے لیے خصوصی کمیٹیاں قائم کی گئیں ہیں، سرمایہ کاروں کو سہولت، یقین دہانی اور وسعت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاک۔چین اقتصادی تعاون دونوں ممالک کے لیے ترقی اور خوشحالی کا اہم ذریعہ ہے اور اس شراکت داری کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ہارون اختر خان نے چینی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ مختلف شعبوں میں وسیع مواقع موجود ہیں، خصوصاً مینوفیکچرنگ، ٹیکنالوجی اور توانائی کے شعبے میں مشترکہ منصوبے دونوں ممالک کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔انہوں نے کانفرنس کے شرکا کا خیر مقدم کیا اور اس فورم کو دوطرفہ اقتصادی تعلقات کے فروغ کے لیے اہم سنگِ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ محض ایک کانفرنس نہیں بلکہ پاکستان اور چین کے باہمی تعاون کے مستقبل کو تشکیل دینے کا ایک اہم لمحہ، شرکت اور پاکستان کی اقتصادی سمت پر بڑھتے ہوئے عالمی اعتماد کا مظہر ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے بزنس ٹو بزنس تعلقات میں مزید وسعت کے لیے کام کر رہے ہیں، پاکستان چین تعاون کا اگلا مرحلہ صنعتی گہرائی اور ٹیکنالوجیکل انضمام پر مبنی ہو گا۔انہوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے مستقل اور موثر پالیسیوں کے ذریعے معیشت کو مستحکم کیا، سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کیا اور عالمی سطح پر پاکستان کی ساکھ کو مضبوط بنایا ہے۔ہارون اختر خان نے کہا کہ صنعتی بحالی حکومت کی اقتصادی پالیسی کا بنیادی ستون ہے، پاکستان محض صارف نہیں بلکہ مینوفیکچرنگ اور ٹیکنالوجی پارٹنر بننا چاہتا ہے، ہوم اپلائنسز، الیکٹریکل ڈیوائسز اور بیٹری سٹوریج سیکٹر مستقبل کے اہم صنعتی شعبے ہیں، پاکستان کی نوجوان افرادی قوت اور جغرافیائی اہمیت سرمایہ کاری کے لیے بہترین مواقع فراہم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا تیزی سے الیکٹریفکیشن اور کلین انرجی کی طرف بڑھ رہی ہے، چینی تعاون سے پاکستان بیٹری مینوفیکچرنگ اور انرجی اسٹوریج کا علاقائی حب بن سکتا ہے، پاکستان تھیم آئن اور سوڈیم آئن بیٹری ٹیکنالوجی میں فعال شراکت دار بننے کے لیے تیار ہے۔انہوں نے عالمی سرمایہ کاروں کو پاکستان کے ساتھ مل کر خوشحال مستقبل کی تعمیر کی دعوت دی اور کہا کہ جوائنٹ وینچرز، ٹیکنالوجی ٹرانسفر اور مشترکہ مینوفیکچرنگ مستقبل کا راستہ ہیں، پاکستان تعمیر، جدت، مقابلے اور قیادت کے لیے تیار ہے، ہمارے دروازے کھلے ہیں، ہماری سمت واضح ہے اور ہمارا عزم مضبوط ہے۔ہارون اختر خان نے خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مکالمے اور تعاون کو فروغ دے رہا ہے اور ایک ذمہ دار اور ریاست کے طور پر اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان جنگ کا نہیں بلکہ خطے میں استحکام اور امن کا مضبوط قلعہ ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے کو بڑے بحران سے بچانے میں اہم کردار ادا کیا

بقیہ 5

پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شاہدہ رحمانی اور یوسی گلشن معمار کے چیئرمین ہلال رحمانی نے بھی بلاول ہاس میں چیئرمین پیپلز پارٹی سے ملاقات کی

بقیہ 6

کے درمیان منشیات کی اسمگلنگ و استعمال اور نشہ آور اشیاء کی روک تھام میں تعاون کے لیے تاریخی معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ محسن نقوی نے حکومت پاکستان جبکہ صلاح الدین احمد نے بنگلا دیشی حکومت کی نمائندگی کی۔ایم او یو کے تحت دونوں ممالک منشیات کی غیر قانونی نقل و حمل اور اسمگلنگ روکنے کے لیے بھرپور تعاون کریں گے۔ اس سلسلے میں معاشرے میں منشیات کے بڑھتے رجحان اور منفی اثرات کے خاتمے کے لیے مشترکہ کوششوں کے ساتھ ساتھ منشیات کی غیر قانونی فروخت اور سپلائی لائن توڑنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی وضع کی جائے گی۔معاہدے کے مطابق متعلقہ ایجنسیاں منشیات اسمگلروں اور نیٹ ورکس کے بارے میں بروقت معلومات کا تبادلہ کریں گی۔اہلکاروں کی تربیت، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور منشیات روک تھام کے لیے بہترین طریقہ کار شیئر کیا جائے گا۔وفاقی وزیر داخلہ نے بنگلا دیشی ہم منصب کو سیف سٹی پراجیکٹ میں مکمل تعاون کی بھی پیشکش کی۔محسن نقوی نے کہا کہ بنگلا دیش حکومت کو سیف سٹی پراجیکٹ میں ہر لحاظ سے سپورٹ کریں گے۔ بنگلا دیشی وزیر داخلہ نے تعاون کی پیشکش پر شکریہ ادا کیا۔ملاقات میں پاک بنگلا دیش دوطرفہ تعلقات، انٹرنل سکیورٹی اور سول آرمڈ فورسز کی ٹریننگ کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔اس موقع پر انسداد دہشت گردی، انسانی اسمگلنگ کی روک تھام، سائبر کرائمز، منظم جرائم اور مالیاتی فراڈ کے حوالے سے باہمی تعاون بڑھانے پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ پولیس اکیڈمیز میں آفیسرز کے لیے ٹریننگ پروگرامز میں تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔علاوہ ازیں محسن نقوی نے بنگلا دیشی ہم منصب کو پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔موقع پر بنگلا دیش حکومت کے سیکرٹری خارجہ اسد عالم صائم، سیکرٹری کابینہ نسیم الغنی، سیکرٹری داخلہ منظور چوہدری اور بنگلا دیش میں پاکستان کے ہائی کمشنر عمران حیدر بھی موجود تھے۔ یہ ملاقات دونوں ممالک کے درمیان سکیورٹی اور انسداد منشیات کے شعبوں میں ایک نئے دور کا آغاز ثابت ہوگی۔

بقیہ 7

دارانہ اور غیر جانبدار سفارتکاری کے ذریعے تاریخی امن مذاکرات کی میزبانی کر رہا ہے، دشمن جان لے پاکستان کے خلاف آئندہ مہم جوئی کے اثرات محدود نہیں بلکہ انتہائی خطرناک، دوررس اور تکلیف دہ ہوں گے، ہم ہر بے گناہ پاکستانی کے خون کا بدلہ لیں گے اور دہشت گردی کے خاتمے تک جاری رہے گی۔تفصیلات کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے معرکہ حق کی پہلی یادگاری تقریب سے تاریخی خطاب کرتے ہوئے کیا، جہاں انہوں نے کہا کہ معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص میں اللہ تعالیٰ کی رضا سے پاکستان، عوام اور مسلح افواج کو ایک بے مثال کامیابی ملی، معرکہ حق دو نظریات کے درمیان ایک فیصلہ کن معرکہ تھا جس میں حق فتح یاب اور باطل ہزیمت سے دو چار ہوا۔فیلڈ مارشل کا کہنا ہے کہ بھارت کا خواب ہے کہ وہ پاکستان کو عسکری جارحیت اور سفارتی تنہائی کا نشانہ بنا کر خطے میں طاقت کا توازن تبدیل کرے، اس کا یہ خواب اس کے قد کاٹھ اور صلاحیت سے کہیں زیادہ ہے جسے پاکستان کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گا، میں معرکہ حق کے تمام شہداء اور غازیوں بالخصوص شہید ہونے والی نہتی عورتوں، بوڑھوں اور معصوم بچوں کو پوری قوم اور افواج پاکستان کی جانب سے خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، ہم اپنے شہداء کی قربانی کو امانت، اپنی طاقت کو ذمہ داری اور اپنی کامیابی کو خدائے بزرگ برتر کا احسان سمجھتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام اور قومی قیادت کا پیغام ہے کہ ملکی خودمختاری، سرحدی سالمیت اور قومی وقار پر کوئی سمجھوتہ قابل قبول نہیں، ہندوستان کو اس جنگ کے نتیجے میں شدید جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا جس کی قیمت وہ آنے والے وقتوں تک چکاتا رہے گا، فتح میزائلوں اور پاک فضائیہ کے شاہینوں نے دشمن کے 26 سے زیادہ عسکری اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنایا، الحمدللہ! آج پاکستان کا دفاع کسی بھی بیرونی جارحیت کیخلاف مکمل طور پر ناقابل تسخیر ہے، دشمن جان لے پاکستان کے خلاف آئندہ مہم جوئی کے اثرات محدود نہیں بلکہ انتہائی خطرناک، دوررس اور تکلیف دہ ہوں گے، ہم ہر بے گناہ پاکستانی کے خون کا بدلہ لیں گے اور دہشت گردی کے خاتمے تک جاری رہے گی۔سید عاصم منیر کہتے ہیں کہ عصرِ حاضر اور مستقبل کی جنگیں ملٹی ڈومین آپریشنز پر مشتمل ہوں گی جس میں دور تک مار کرنے والے ہتھیاروں، ڈرونز، سائبر اور آرٹیفشل انٹیلی جنس کا استعمال ہوگا، افواج پاکستان کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹرز قائم کر دیا گیا ہے، پاکستان کا برادر اسلامی ملک سعودی عرب کے ساتھ سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ ہماری سفارتی کامیابیوں کا ایک عظیم سنگ میل ہے، آج پاکستان اپنی مؤثر، ذمہ دارانہ اور غیر جانبدار سفارتکاری کے ذریعے تاریخی امن مذاکرات کی میزبانی کر رہا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ پاکستان کے ساتھ روایتی جنگ کو ناممکن تصور کرتے ہوئے بھارت ایک بار پھر دہشت گردی کی گھناؤنی روش کا سہارا لے رہا ہے، افغانستان اپنی سرزمین پر دہشت گردی کے مراکز اور آماجگاہوں کا مکمل خاتمہ کرے، میں پاکستان بالخصوص خیبر پختونخواہ اور بلوچستان کے غیور عوام، افواج پاکستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تمام باہمت اور غیور اہلکاروں کو سلام پیش کرتا ہوں، ہم ہر بے گناہ پاکستانی کے خون کا بدلہ لیں گے اور دہشت گردی کے خلاف یہ جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی۔فیلڈ مارشل نے کہا کہ ہم ہر محاذ پر کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی مدد جاری رکھیں گے، ہماری منزل وہ مقام ہے جس کا خواب ہمارے اسلاف نے دیکھا تھا، پاکستان کا سبز ہلالی پرچم امید کا استعارہ ہے اور اس کی مسلح افواج منظم اور ہر لمحہ تیار ہیں، پاکستانی قوم ہماری طاقت ہے اور ہم قوم کی قوت ہیں، پاکستان کا مستقبل انشاء اللہ بہت روشن اور تابناک ہے، جب حق اور باطل مقابل ہوں تو فتح ہمیشہ حق کا مقدر بنتی ہے، پاکستان کل بھی ناقابل تسخیر تھا اور انشاءاللہ آنے والے وقتوں تک ناقابل تسخیر رہے گا۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کہنا ہے کہ ایران اور امریکہ بالخصوص ڈونلڈ ٹرمپ کے انتہائی مشکور ہیں جنہوں نے مشکل کام کیلئے پاکستان پر اعتماد کیا، ہم اس اعتماد پر پورا اُتریں گے۔معرکہ حق کی پہلی یادگاری تقریب سے تاریخی خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کے دوران پاکستان کے قومی وقار میں بے مثال اضافہ ہوا، آج عالمی ایوانوں اور بین الاقوامی مجالس میں ہماری قیادت کو عزت و تکریم سے دیکھا جاتا ہے، آج دنیا میں ہمارے دستوں کی تعداد ماضی کے کئی ادوار سے زیادہ ہے، ہماری عسکری صلاحیت اور ٹیکنالوجی پر عالمی اعتماد کی وجہ سے دفاعی برآمدات کو بھی تقویت ملی ہے، معرکہ حق میں فتح کے بعد اقوام عالم نے یہ تسلیم کیا کہ پاکستان اس خطے میں ایک ناقابل فراموش حقیقت اور ناقابل تسخیر طاقت ہے۔فیلڈ مارشل کا کہنا ہے کہ بھارت کا خواب ہے کہ وہ پاکستان کو عسکری جارحیت اور سفارتی تنہائی کا نشانہ بنا کر خطے میں طاقت کا توازن تبدیل کرے، اس کا یہ خواب اس کے قد کاٹھ اور صلاحیت سے کہیں زیادہ ہے جسے پاکستان کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گا، میں معرکہ حق کے تمام شہداء اور غازیوں بالخصوص شہید ہونے والی نہتی عورتوں، بوڑھوں اور معصوم بچوں کو پوری قوم اور افواج پاکستان کی جانب سے خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، ہم اپنے شہداء کی قربانی کو امانت، اپنی طاقت کو ذمہ داری اور اپنی کامیابی کو خدائے بزرگ برتر کا احسان سمجھتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام اور قومی قیادت کا پیغام ہے کہ ملکی خودمختاری، سرحدی سالمیت اور قومی وقار پر کوئی سمجھوتہ قابل قبول نہیں، ہندوستان کو اس جنگ کے نتیجے میں شدید جانی و مالی نقصان اٹھانا پڑا جس کی قیمت وہ آنے والے وقتوں تک چکاتا رہے گا، فتح میزائلوں اور پاک فضائیہ کے شاہینوں نے دشمن کے 26 سے زیادہ عسکری اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنایا، الحمدللہ! آج پاکستان کا دفاع کسی بھی بیرونی جارحیت کیخلاف مکمل طور پر ناقابل تسخیر ہے، دشمن جان لے پاکستان کے خلاف آئندہ مہم جوئی کے اثرات محدود نہیں بلکہ انتہائی خطرناک، دوررس اور تکلیف دہ ہوں گے۔سید عاصم منیر کہتے ہیں کہ عصرِ حاضر اور مستقبل کی جنگیں ملٹی ڈومین آپریشنز پر مشتمل ہوں گی جس میں دور تک مار کرنے والے ہتھیاروں، ڈرونز، سائبر اور آرٹیفشل انٹیلی جنس کا استعمال ہوگا، افواج پاکستان کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹرز قائم کر دیا گیا ہے، پاکستان کا برادر اسلامی ملک سعودی عرب کے ساتھ سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ ہماری سفارتی کامیابیوں کا ایک عظیم سنگ میل ہے، آج پاکستان اپنی مؤثر، ذمہ دارانہ اور غیر جانبدار سفارتکاری کے ذریعے تاریخی امن مذاکرات کی میزبانی کر رہا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ پاکستان کے ساتھ روایتی جنگ کو ناممکن تصور کرتے ہوئے بھارت ایک بار پھر دہشت گردی کی گھناؤنی روش کا سہارا لے رہا ہے، افغانستان اپنی سرزمین پر دہشت گردی کے مراکز اور آماجگاہوں کا مکمل خاتمہ کرے، میں پاکستان بالخصوص خیبر پختونخواہ اور بلوچستان کے غیور عوام، افواج پاکستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے تمام باہمت اور غیور اہلکاروں کو سلام پیش کرتا ہوں، ہم ہر بے گناہ پاکستانی کے خون کا بدلہ لیں گے اور دہشت گردی کے خلاف یہ جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی۔

بقیہ 8

تقریبات میں بھی شرکت کریں گے۔اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان مختلف معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے جانے کا امکان ہے۔دورہ چین میں سی پیک، تجارت، سرمایہ کاری اور دوطرفہ تعاون پر اہم بات چیت ہوگی۔

بقیہ 9

ممالک کے ساتھ دوستانہ تعلقات جاری رکھے گا۔ایرانی صدر نے کہا ہے کہ ایران کسی بھی قسم کی استعمار یا استحصال کو مسترد کرتا ہے اور عالمی تعلقات کو برابری اور احترام کے اصولوں پر استوار کرنے کا حامی ہے۔انہوں نے کہا کہ استعمار اور استحصال کی مستقبل میں کوئی جگہ نہیں ہے، ایرانی قوم کی ثقافت میں برداشت اور رواداری ہے جبکہ ظلم کے خلاف جدوجہد اس خطے کی تاریخ کا روشن باب رہی ہے۔مسعود پیزشکیان نے اپنے بیان میں مزید کہا کہ ایران ہمیشہ ایسے تعلقات کا خواہاں رہا ہے جو دوطرفہ احترام اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہوں

بقیہ 10

میں قائم پاکستانی سفارتخانہ میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں مختلف ممالک کے نمائندوں، عسکری شخصیات اور پاکستانی کمیونٹی کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ معرکہ حق کے دوران وطنِ عزیز کی کامیابیوں، قومی یکجہتی اور پاک۔ ترکیہ تعلقات کی مضبوطی و فروغ پر خصوصی گفتگو کی گئی۔تقریب میں شرکا نے کہا کہ معرکہ حق نے خطے میں امن، استحکام اور قومی خودمختاری کیلئے جدوجہد کی ایک روشن مثال قائم کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے وسطی ایشیا کو بڑے بحران سے بچانے کیلئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم پاکستان کی انتھک کوششوں کو سراہا۔ترکیہ میں پاکستانی سفیر ڈاکٹر یوسف جنید نے کہا کہ 10 مئی ہماری تاریخ میں ہمیشہ درخشاں فتح کیدن کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان امن کا حامی، لیکن ہم کبھی بھی اپنی خودمختاری اور اپنی آزادی پر سمجھوتہ نہیں کریں گے۔پاکستانی سفیر نے کہا کہ معرکہ حق محض جشن منانے کا نہیں بلکہ امن کی تڑپ اور ہر پل دفاعِ وطن کیلئے مستعد رہنے کیعہد کی تجدید کا دن ہے۔اس موقع پر معرکہ حق کی عظیم فتح کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرنیکیلئے ایک خصوصی دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔

بقیہ 11

۔صوبائی وزراء بلال یاسین کو چیئرمین، چوہدری شافع حسین، بلال اکبر خان اور سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس میں خصوصی شرکت کی۔سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے امن وامان کی تازہ صورتحال اور حکومتی کاوشوں بارے بریفنگ دی۔کابینہ کمیٹی نے عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام سے قبل تمام ضروری انتظامات کا جائزہ لیا۔کابینہ کمیٹی نے اٹک اور ڈی جی خان میں رینجرز کی تعیناتی میں توسیع کی منظوری دے دی۔کابینہ کمیٹی نے پنجاب کے مختلف اضلاع میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی تعیناتیوں کی منظوری دے دی۔کابینہ کمیٹی نے کرکٹ میچز، ضمنی انتخابات، عرس و دیگر اخراجات کی مد میں 650 ملین روپے کی منظوری دے دی۔کابینہ کمیٹی نے کچے کے علاقے میں کامیاب آپریشن کے بعد خصوصی ڈویلپمنٹ پیکج کو سراہا اور مختلف تجاویز پر غور کیا۔صوبائی وزیر چوہدری مین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اجلاس کے دوران صوبہ بھر میں امن وامان کی تازہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔پنجاب بھر میں قیام امن کیلئے قانون نافذ کرنے والے ادارے بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔پنجاب میں کالعدم تنظیموں پر قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنے پر مکمل پابندی عائد ہے۔تمام اضلاع میں عیدالاضحیٰ کے حوالہ سے ڈسٹرکٹ الیکٹیفس کمیٹی کے اجلاس منعقد کئے جائیں۔قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنے کے حوالہ سے رجسٹرڈ تنظیموں کی درخواستیں جلد نمٹانے کی ہدایت کی گئی ہے۔قیام امن کیلئے عیدالاضحیٰ سے قبل مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔صوبائی وزیر و کو چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان بلال یاسین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کجا نوروں کے خریداری مراکز کے داخلی و خارجی راستوں کی کڑی نگرانی ازحد ضروری ہے۔تمام اضلاع کے انتظامیہ کالعدم تنظیموں کی فہرستیں واضح آویزاں کرے۔بھتہ مافیا پر مکمل قابو پانے کے کیلئے ضلعی انتظامیہ مستعد رہے۔صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین نے کہا کہ قیام امن کیلئے تمام متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہیں۔نفرت انگیزی و لاؤڈ سپیکر کے غیر قانونی استعمال کی اجازت نہیں ہوگی۔صوبائی وزیر بلال اکبر خان نے کہا کہ عیدالاضحیٰ پر قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنے کے حوالہ سے کالعدم تنظیموں کی سخت مانیٹرنگ کی جائے اور امن کمیٹیوں کی بہت اہمیت ہے، پنجاب بھر میں امن کمیٹیوں کو متحرک کیا جائے۔صوبائی وزیر سید عاشق حسین کرمانی کا کہنا تھا کہ مویشی منڈیوں کے تمام انتظامات مثالی بنائے جائیں اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت دیں۔امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے بتایا کہ عیدالاضحیٰ پر فول پروف انتظامات کیلئے محکمہ داخلہ کی جاری کردہ گائیڈ لائنز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔تمام اضلاع میں کنٹرول رومز قائم کر کے محکمہ داخلہ کے مرکزی کنٹرول روم سے منسلک کیا جائے۔سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، سپیشل سیکرٹری فیصل فرید، ایڈیشنل آئی جی آپریشنز، ڈی آئی جی سپیشل برانچ وی ٹی ڈی، ڈی جی پرائس کنٹرول اینڈ فوڈ سیفٹی، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سکیورٹی، ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل و متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔ایڈیشنل چیف سیکرٹری و ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب، پنجاب بھر سے کمشنرز، آر پی اوز، ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 12

(9، 10 اور 11 مئی) کے لیے جنگ بندی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ روس میں تقریبات یوم فتح کے حوالے سے منائی جا رہی ہیں لیکن یوکرین بھی دوسری جنگ عظیم میں ایک اہم کردار ادا کرنے والا ملک تھا۔ڈونلڈ ٹرمپ نے بتایا کہ جنگ بندی میں تمام فوجی کارروائیوں میں تعطل شامل ہوگا اور دونوں ممالک میں ایک، ایک ہزار قیدیوں کا تبادلہ بھی ہوگا۔امریکی صدر نے بتایا کہ یہ درخواست براہ راست میری جانب سے کی گئی تھی اور میری درخواست پر روسی صدر ویلادیمیر پیوٹن اور یوکرینی صدر ولودومیر زیلنسکی کی جانب سے اتفاق کرنے پر میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ان کا کہنا تھا کہ امید ہے یہ ایک طویل خون ریز اور سخت جنگ کے خاتمے کی شروعات ثابت ہوگی اور اس بڑی جنگ کے خاتمے کے لیے مذاکرات جاری ہیں جو دوسری جنگ عظیم کے بعد سب سے بڑا تنازع ہے۔ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ہر گزرتے دن ہم اس تنازع کے حل کے قریب پہنچ رہے ہیں۔یاد رہے کہ روس نے فروری 2022 میں یوکرین پر حملہ کر دیا تھا، جس کے بعد اب تک دونوں اطراف کے سیکڑوں فوجی اور ہزاروں عام شہری ہلاک ہو گئے ہیں اور ان میں اکثریت یوکرین کے شہریوں کی ہے۔ولادیمیر پیوٹن نے نازی جرمنی پر سوویت یونین کی فتح کی یاد کو اپنی 25 سالہ حکمرانی کا مرکزی بیانیہ بنا دیا ہے اور وہ ہر سال 9 مئی کو ماسکو کے مرکزی علاقے میں شان دار فوجی پریڈز کا انعقاد کرتے ہیں اور اسی تاریخی فتح کو یوکرین پر حملے کے جواز کے طور پر بھی پیش کرتے ہیں۔میڈیا رپورٹ کے مطابق تقریباً دو دہائیوں کے دوران اس مرتبہ پہلا موقع ہوگا جب فوجی ساز و س

حج قوانین کی خلاف ورزیوں پر 6 پاکستانی گرفتار

ایک شخص کو بغیر حج پرمٹ مکہ میں قیام کرنے، 5 افراد کو بغیر اجازت عازمین حج کی معاونت کے الزام میں گرفتار کیا گیا

ریاض (سٹاف رپورٹر) سعودی حکام نے حج قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرتے ہوئے 6 پاکستانی شہریوں کو گرفتار کر لیا۔ رپورٹس کے مطابق ایک شخص کو بغیر حج پرمٹ مکہ میں قیام کرنے پر حراست میں لیا گیا جبکہ 5 افراد کو مبینہ طور پر بغیر اجازت عازمین حج کی معاونت کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ سعودی عرب میں حج سے قبل سکیورٹی سخت کر دی گئی ہے اور موجودہ قوانین کے تحت صرف حج ویزا رکھنے والے افراد کو مکہ میں داخلے اور قیام کی اجازت ہے، 18 اپریل کے بعد وزٹ یا دیگر عارضی ویزوں پر موجود افراد کو خلاف ورزی کا مرتکب قرار دیا جا رہا ہے۔

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے یورپی یونین کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعاون بارے تبادلہ خیال

ٹیکنالوجی اور ووکیشنل سکلز تربیتی شعبے، سینٹر آف ایکسی لینس مستقبل کی ضروریات کے مطابق جدید ماڈل ہے، سفیر یورپی یونین

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی سے بدھ کو یورپی یونین کے سفیر ریموند اس کاروبلس نے ملاقات کی جس دوران دوطرفہ تعاون بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق وزیراعلیٰ نے وفد کا خیر مقدم کیا اور سینٹر آف ایکسی لینس کے قیام میں یورپی یونین کے تعاون کو سراہا۔ ملاقات میں باہمی تعاون کے جاری اور مستقبل کے امکانات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ صوبائی حکومت مارکیٹ ڈیمانڈ کے مطابق نصاب اور کورسز میں اصلاحات اور نوجوانوں پر سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کا بجٹ کئی گنا بڑھایا گیا

حلقہ این اے 251 میں انتخابی عذرداری کا کیس: خوشحال خان کاکڑ کامیاب قرار

ریٹرننگ افسر نے فارم 48 تیار کرتے وقت فارم 45 کے نتائج میں دانستہ اور غیر قانونی تبدیلیاں کیں، سپریم کورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے حلقہ این اے 251 کی انتخابی عذرداری کیس میں خوشحال خان کاکڑ کو کامیاب امیدوار قرار دینے کا تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا اور الیکشن کمیشن کو ان کی کامیابی کا نوٹیفکیشن فوری جاری کرنے کا حکم دیا ہے۔ یہ فیصلہ تین رکنی بینچ نے سنایا جس میں جسٹس شاہد وحید، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس شکیل احمد شامل تھے، جبکہ تفصیلی فیصلہ جسٹس شکیل احمد نے تحریر کیا۔ عدالت عظمیٰ نے اپنے مختصر فیصلے میں بلوچستان الیکشن ٹریبونل کی جانب سے 22 پولنگ سٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کرانے کا حکم پہلے ہی کالعدم قرار دے دیا تھا،

چھانگا مانگا، تیز رفتار بس، رکشے میں تصادم، 2 طالبات جاں بحق، سات شدید زخمی

بس ڈرائیور گرفتار مقدمہ درج پولیس مصروف تفتیش

چونیاں (تحصیل رپورٹر) چونیاں تیز رفتار بس اور رکشہ میں تصادم نویں جماعت کی دو طالبات جاں بحق 7 طالبات شدید زخمی ہو گئیں بس ڈرائیور گرفتار مقدمہ درج پولیس مصروف تفتیش تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا فلائی اوور پر تیز رفتار بس اور رکشہ میں تصادم ہوا ہے جس کے نتیجہ میں ٹبی دیال سنگھ، بدھوکی، اور کوٹ مالہ کی رہائشی، رکشہ ڈرائیور سمیت نویں کلاس کے پیپر کیلئے جانے والی 9 طالبات شدید زخمی ہو گئیں زخمی طالبات کو اپنی مدد آپ کے تحت RHC ہسپتال چھانگا مانگا پہنچایا گیا جہاں سے فسٹ ایڈ کے بعد ریسکیو 1122 کی ٹیمیں چار گاڑیوں کو لیکر چھانگا مانگا رورل ہسپتال

سی ڈی اے کا تمام ریکارڈ 120 دن کے اندر ڈیجیٹلائز کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد میں کسی بھی غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹی کو کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، وزیر داخلہ محسن نقوی

شہریوں کو جدید تفریحی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ٹاپ گالف، ہاٹ ایئر بیلون، زپ لائن، واٹر پارک اور امیوزمنٹ پارک منصوبوں پر جلد کام شروع کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت اہم اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں جاری عوامی منصوبوں پر پیش رفت اور نئے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے تمام ریکارڈ کو 120 دن کے اندر ڈیجیٹلائز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ اس اقدام سے شہری اپنی درخواستوں کی صورتحال خود آن لائن معلوم کر سکیں گے۔ محسن نقوی نے واضح کیا کہ اسلام آباد میں کسی بھی غیر قانونی ہاؤسنگ سوسائٹی کو کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اجلاس میں نئے کنونشن سینٹر، ایکسپو سینٹر اور اسلام آباد ارینہ کی تعمیر کے لیے تین بین الاقوامی کمپنیوں کی پری کوالیفکیشن مکمل ہونے سے آگاہ کیا گیا، جبکہ ہدایت کی گئی کہ یہ منصوبے شفاف تعاون تنظیم سمٹ سے قبل مکمل کیے جائیں۔ اجلاس میں ایف-6 میں خدمت مرکز کے قیام کے لیے اراضی مختص کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا، شہریوں کو جدید تفریحی

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

معرکہ حق کو ایک سال مکمل، شہید کی والدہ، سماجی کارکن اور نوجوانوں کا خراج

10 مئی کو فون پر بات ہوئی تو بیٹے نے کہا امی دعا کریں مجھے شہادت نصیب ہو، شہید کی والدہ کی گفتگو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) معرکہ حق کے ایک سال مکمل ہونے پر شہید کی والدہ، سماجی کارکن اور نوجوانوں نے اپنے تاثرات پیش کیے ہیں۔ معرکہ حق میں اپنی جان وطن پر قربان کرنے والے نائیک محمد وقار خالد شہید کی والدہ نے اپنے تاثرات میں بتایا کہ معرکہ حق کے دوران میرا بیٹا بنالہ سیکٹر میں تعینات تھا، 10 مئی کو فون پر بات ہوئی تو بیٹے نے کہا امی دعا کریں مجھے شہادت نصیب ہو۔ شہید کی والدہ نے کہا کہ میں خوش نصیب ماں ہوں، میرا بیٹا وطن پر قربان ہوا، خواہش ہے کہ پاکستان کے دشمنوں سے لڑنے کے لیے میرا پوتا بھی پاک فوج میں جائے،

شہری کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر 20 لاکھ روپے ہتھیانے کا کیس، درخواست ضمانت خارج

بادی النظر میں ریکارڈ پر موجود شواہد ملزم کے خلاف ہیں، اس لیے اسے ضمانت کا ریلیف نہیں دیا جا سکتا، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے شہری کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر 20 لاکھ روپے ہتھیانے کے کیس میں ملزم حافظ خیرات علی کی درخواست ضمانت خارج کر دی۔ جسٹس محمد وحید خان نے ملزم کی درخواست ضمانت پر سماعت کی، وفاقی حکومت کی جانب سے لاء افسر راجہ خرم شہزاد پیش ہوئے اور ملزم کی درخواست ضمانت کی مخالفت کی۔ سماعت کے دوران سرکاری وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ملزم نے شہری کو اٹلی میں ملازمت دلوانے کا جھانسہ دے کر 20 لاکھ روپے وصول کیے۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی کی تفتیش میں ملزم کے خلاف الزامات ثابت ہو رہے ہیں لہٰذا وہ کسی رعایت کا مستحق نہیں اور اس کی ضمانت مسترد کی جائے۔

بھر میں پلاسٹک فری زونز کے قیام کا فیصلہ، بڑے بازاروں میں عملی نفاذ بھی شروع

دیہی اور مضافاتی علاقوں میں بھی کریک ڈاؤن کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ، 75 مائیکرون سیکم تھیلیوں پر جلد مکمل پابندی ہوگی

چند ماہ میں لاکھوں کلو پلاسٹک بیگز ضبط، پنجاب میں پلاسٹک کے خاتمے کیلئے فیصلہ کن مرحلہ شروع ہو چکا ہے، سیکرٹری ماحولیات سلوت سعید

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور سمیت پنجاب بھر میں پلاسٹک فری زونز کے قیام کا فیصلہ کرتے ہوئے بڑے بازاروں میں عملی نفاذ بھی شروع کر دیا گیا، دیہی اور مضافاتی علاقوں میں بھی کریک ڈاؤن کا دائرہ کار بڑھانے کا فیصلہ کر لیا گیا، ترجمان ای پی اے پنجاب ساجد بشیر نے بتایا کہ پنجاب میں پلاسٹک بیگز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی آ گئی ہے اور 75 مائیکرون سے کم موٹائی والی پلاسٹک تھیلیوں پر مکمل پابندی عائد کیے جانے 75 مائیکرون سیکم تھیلیوں پر جلد مکمل پابندی ہوگی، ترجمان ای پی اے پنجاب ساجد بشیر نے بتایا کہ پنجاب میں پلاسٹک بیگز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی آ گئی ہے اور 75 مائیکرون سے کم موٹائی والی پلاسٹک تھیلیوں پر مکمل پابندی عائد کیے جانے کا امکان ہے۔ خلاف ورزی برداشت نہیں، صرف 4 ماہ میں 9 لاکھ 37 ہزار کلو سے زائد پلاسٹک بیگز ضبط کیے گئے۔ جبکہ 3,612 انسپکشنز، جرمانے، سیلنگ اور ایف آئی آرز کی گئیں۔ مارکیٹوں میں روزانہ کریک ڈاؤن کیے جا رہے (بقیہ نمبر 47)

لاہور: پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے سی ای او ذیشان شبیر رانا اور چینی کمپنی ڈونگن پاور ٹیک کے سی ای او مسٹر ہوجی پنجاب میں 15 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

لاہور، مضر صحت ٹافیاں تیار کرنے والا یونٹ سیل، 8 ہزار کلو ٹافیاں تلف

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے راوی ٹاؤن میں کارروائی کرتے ہوئے ناقص اور مضر صحت ٹافیاں تیار کرنے والے ایک یونٹ کو سیل کر دیا اور 8 ہزار کلوگرام تیار مضر صحت ٹافیاں تلف کر دیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل آپریشنز اسد اللہ نے فوڈ سیفٹی ٹیموں کے ہمراہ راوی ٹاؤن میں کریک ڈاؤن کیا۔ کھلے رنگوں، کیمیکلز اور تلف کردہ خام سے بچوں کے لیے ٹافیاں تیار کی جا رہی تھیں،

لاہور، رشتے سے انکار پر پڑوسی لڑکے نے طالبہ کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا، ملزم گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور کے علاقے گڑھی شاہو میں پولیس نے رشتے سے انکار پر طالبہ کو ہراساں اور تشدد کرنے والے پڑوسی لڑکے کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم علی احمد کو گڑھی شاہو کے ایریا سے ٹریس کیا گیا، ملزم نے اسلحے کے زور پر لڑکی کو زبردستی شادی پر مجبور کرنے کی کوشش کی۔

راولپنڈی، گرین الیکٹرک بس پر پتھراؤ، مقدمہ درج

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کے تھانہ ویسٹریج کے علاقے میں گرین الیکٹرک بس پر نامعلوم افراد کی جانب سے پتھراؤ کا واقعہ پیش آیا ہے۔ پولیس نے بس کے روٹ آفیسر شیراز احمد کی درخواست پر واقعے کا مقدمہ درج کر لیا۔ متن مقدمہ کے مطابق گرین الیکٹرک بس مریڑھ سے 26 نمبر چونگی کی جانب جا رہی تھی جس میں 100 سے زائد مرد، خواتین اور بچے سوار تھے۔

لاہور، کارسوار کے قتل کا معمہ، مقتول کیساتھ گاڑی میں موجود خاتون دوست ہی قاتل نکلی

تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ مقتول اور ملزمہ کے درمیان گزشتہ چار سال سے تعلقات تھے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور کے علاقے نواب ٹاؤن میں کارسوار کے قتل کا معمہ پولیس نے حل کر لیا، جس میں انکشاف ہوا ہے کہ مقتول ندیم ارشاد کے ساتھ گاڑی میں موجود اس کی خاتون دوست ہی اس کی قاتل نکلی۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمہ نے مقتول کے پستول سے فائر کر کے اسے قتل کیا اور آلہ قتل بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ مقتول اور ملزمہ کے درمیان گزشتہ چار سال سے تعلقات تھے، دونوں نے نکاح بھی کیا تھا تاہم بعد ازاں گھریلو تنازعات شروع ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق ملزمہ پہلے سے شادی شدہ تھی اور اپنے سابقہ شوہر کی طرف واپس جانا چاہتی تھی جبکہ مقتول کے اہل خانہ کی جانب سے بھی اس کی دوسری منگنی کے معاملات چل رہے تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمہ نے قتل کا اعتراف کر لیا ہے

لاہور: خاتون رکن پنجاب اسمبلی اجلاس میں شرکت کے لیے آ رہی ہیں

رضا کاری میں متحرک نوجوان ہمارا سرمایہ، دکھی انسانیت کی خدمت سب کی ذمہ داری ہے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (بیورو رپورٹ) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ رضا کاری میں متحرک نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں، دکھی انسانیت کی خدمت ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو رمضان المبارک کے دوران گورنر ہاؤس پشاور میں معذوری کے ساتھ بچوں کیلئے افطار ڈنر میں رضا کارانہ کام کرنے والے نوجوانوں کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔

پی ایس ڈی پی، وفاقی تعلیمی اداروں کیلئے 17.1 ارب روپے کے کھیلوں کے منصوبے تجویز

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) 2026-27 کے تحت دارالحکومت کے تعلیمی اداروں کیلئے تقریباً 17.1 ارب روپے کے نئے کھیلوں کے ترقیاتی منصوبے تجویز کیے ہیں۔

فیصل آباد، ماحول دوست ٹیکنالوجی آکسی جینکس ٹری کی افادیت کو باضابطہ سرٹیفکیٹ جاری کر دیا گیا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ٹیٹرا سپارک پرائیویٹ لمیٹڈ کی طرف سے متعارف کرائی جانے والی ماحول دوست ٹیکنالوجی آکسی جینکس ٹری کی افادیت کو باضابطہ سرٹیفکیٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں ایک خصوصی تقریب ہوئی

شرح سود میں اضافے سے معاشی ترقی کی رفتار مزید سست ہو سکتی ہے، راجہ وسیم حسن

فنانسنگ لاگت میں اضافے کے باعث پیداواری لاگت بڑھ رہی ہے، وائس چیئرمین پیاف

لاہور (وقائع نگار) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ شرح سود میں اضافے سے معاشی ترقی کی رفتار مزید سست ہو سکتی ہے، مہنگائی کی بڑی وجوہات سپلائی چین کے مسائل، توانائی کی قیمتیں اور ٹیکسوں کا بوجھ ہیں جنہیں شرح سود بڑھا کر حل نہیں کیا جا سکتا، بلند شرح سود نے بینکوں سے قرض لینا تقریباً ناممکن بنا دیا ہے، فنانسنگ لاگت میں اضافے کے باعث پیداواری لاگت بڑھ رہی ہے، جس سے نہ صرف مصنوعات مہنگی ہو رہی ہیں بلکہ کئی چھوٹے اور درمیانے درجے کے یونٹس بند ہونے کے دہانے پر پہنچ گئے ہیں

ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح خطے کے تمام ممالک سے کم ہے، ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

ٹیکس نیٹ محدود ہونے، دستاویزی معیشت کے فقدان کے باعث محصولات کم ہیں، صدر عبدالغفار

لاہور (وقائع نگار) ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ ٹیکس نظام کی پیچیدگیوں کے باعث پاکستان میں ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح خطے کے تمام ممالک کے مقابلے میں کم ہے، پاکستان کی ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح میں بنگلہ دیش اور سری لنکا سے بھی مقابلے کی دوڑ میں باہر ہے۔ ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان میں ٹیکسز کی شرح بھی خطے کے تمام ممالک سے انتہائی زیادہ ہے

ملک میں امن و استحکام کے قیام، دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ریاستی اداروں نے قابل فخر کردار ادا کیا ہے، ملک افضل کھوکھر

آپریشن بنیان المرصوص کو ایک سال مکمل ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش

رائے ونڈ (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے آپریشن بنیان المرصوص کو ایک سال مکمل ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر اور افواج پاکستان کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں امن و استحکام کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاستی اداروں نے قابل فخر کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کو دہشت گردی جیسے سنگین چیلنج سے نکالنے، امن و امان کی بحالی اور قومی سلامتی کو یقینی بنانے میں پاک فوج اور ریاستی اداروں نے مثالی کردار ادا کیا ہے۔

چین، پاکستانی ڈاکٹر اقوام متحدہ سے وابستہ فلاحی ادارے کا ڈائریکٹر مقرر

نئی ذمہ داری سنبھالتے ہوئے ڈاکٹر شہباز نے فلاحی تنظیموں کی جانب سے چوں کی عالمی بہبود کیلئے کیے جانیوالے عزم و ذمہ داری کے احساس کو سراہا

جنان (بیورو رپورٹ) چین۔ پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (سی پی ایم اے) کے بانی اور صدر ڈاکٹر محمد شہباز کو شینڈونگ تونگشان چلڈرن ویلفیئر اینڈ پبلک ویلفیئر ڈیولپمنٹ سینٹر کے بین الاقوامی امور کے شعبے کا ڈائریکٹر مقرر کر دیا گیا ہے، یہ ایک چینی نچلی سطح کی تنظیم ہے جسے اقوام متحدہ میں خصوصی مشاورتی حیثیت حاصل ہے۔ گوادر پرو کے مطابق تقریب تقرری صوبہ شینڈونگ کے دارالحکومت جنان میں منعقد ہوئی، جہاں تونگشان پبلک ویلفیئر کے ڈائریکٹر لی شیاؤ نے (بقیہ نمبر 52)

مشرق وسطیٰ کی کشیدگی کے باعث کاری کے رجحانات تبدیل ہو رہے ہیں، حبیب الرحمن زبیری

بنگلہ دیش، دبئی سے سرمایہ نکل کر سرمایہ ملائیشیاء، انڈونیشیاء منتقل ہو رہا ہے، پاکستان فوری اقدامات اٹھائے

ایمنسٹی سکیمیں، ٹیکس ریٹس میں کمی، ٹیکس پالیسی کو آسان اور کاروبار دوست بنایا جائے، چیئرمین ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ

لاہور (آئی این پی) چیئرمین ٹیکس ایجوکیشن اینڈ لرننگ قاری حبیب الرحمن زبیری نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے باعث سرمایہ کاری کے رجحانات تبدیل ہو رہے ہیں اور بنگلہ دیش، دبئی سے سرمایہ نکل کر ملائیشیاء اور انڈونیشیاء منتقل ہو رہا ہے حالانکہ یہ سرمایہ پاکستان کا رخ بھی کر سکتا تھا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں پاکستان کو فوری اور موثر اقدامات کرنے کی ضرورت ہے جن میں ایمنسٹی سکیمیں متعارف کروانا، ٹیکس ریٹس میں کمی اور ٹیکس پالیسی کو آسان اور کاروبار دوست بنانا شامل ہیں تاکہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کار ہمیشہ ان ممالک کا انتخاب کرتے ہیں جہاں ان کا سرمایہ محفوظ ہو، سکیورٹی کا نظام مضبوط ہو، انصاف کی فراہمی یقینی ہو اور ٹیکس میں مناسب سہولیات میسر ہوں۔ اس کے علاوہ سرمایہ کاروں کو یہ یقین دہانی بھی درکار ہوتی ہے کہ وہ اپنا منافع بآسانی اپنے (بقیہ نمبر 2)

آذربائیجان کے سفیر صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین سے لاہور میں ملاقات کر رہے ہیں

حج اسلام کا عظیم فریضہ اور روحانی تربیت کا اہم ذریعہ ہے، ڈاکٹر راغب نعیمی

حج ہر صاحب استطاعت مسلمان پر زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہے، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

فریضہ حج سے انسان کو صبر، برداشت، ایثار اور عاجزی کا درس ملتا ہے، جمعہ کے اجتماع سے خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ حج اسلام کا عظیم فریضہ اور روحانی تربیت کا اہم ذریعہ ہے، ہر صاحب استطاعت مسلمان پر زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہے، فریضہ حج سے انسان کو صبر، برداشت، ایثار اور عاجزی کا درس ملتا ہے، حج احرام باندھنے سے لے کر طواف کعبہ، سعی، وقوف عرفات اور رمی جمرات (بقیہ نمبر 13)

ہائیکورٹ کا قتل، منشیات کے مقدمات کی اپیلوں کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹانے کا فیصلہ

چیف جسٹس کی منظوری سے اپیلوں کی سماعت کے لیے دو الگ الگ ڈویژن بنچز قائم کر دیئے گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے قتل اور منشیات سے متعلق مقدمات کی اپیلوں کو تیزی سے نمٹانے کے لیے اہم انتظامی اقدام اٹھاتے ہوئے دو خصوصی بنچز تشکیل دے دیے۔ یہ فیصلہ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی منظوری سے کیا گیا، جس کا مقصد زیر التواء سنگین فوجداری مقدمات کو جلد نمٹانا ہے۔ اعلامیے کے مطابق قتل اور منشیات کے مقدمات کی اپیلوں کی سماعت کے لیے دو الگ الگ ڈویژن بنچز قائم کیے گئے ہیں۔ ایک دو رکنی بنچ جسٹس شہرام سرور چودھری کی سربراہی میں تشکیل دیا گیا ہے جس میں جسٹس محمد طارق ندیم بھی شامل ہیں۔ اسی طرح جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس علی ضیا باجوہ پر مشتمل ایک اور ڈویژن بنچ بھی تشکیل دیا گیا ہے

پتوکی، شادی سے انکار پر لڑکی نے نوجوان کے ماتھے پر گولی ماردی

زخمی نوجوان کو تشویشناک حالت میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پتوکی سے لاہور ریفر کر دیا گیا

لڑکی قریبی رشتہ دار ہے جو بیٹے پر شادی کیلئے دباؤ ڈال رہی تھی، نوجوان کی والدہ کی گفتگو

پتوکی (سٹاف رپورٹر) شادی سے انکار پر لڑکی نے 22 سالہ نوجوان کو ماتھے پر گولی مار دی۔ ریسکیو اہلکاروں نے بتایا کہ زخمی نوجوان کو تشویشناک حالت میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پتوکی سے لاہور ریفر کر دیا گیا ہے، زخمی نوجوان کی شناخت 22 سالہ فاروق کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے کے بعد لڑکی موقع سے فرار ہو گئی جبکہ ابتدائی معلومات کے مطابق لڑکی مقتول نوجوان کی قریبی رشتہ دار ہے، اس حوالے سے نوجوان کی والدہ نے بتایا کہ لڑکی قریبی رشتہ دار ہے جو بیٹے پر شادی کیلئے دباؤ ڈال رہی تھی۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں



لاہور صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل کا ریسٹورنٹس ایسوسی ایشن کے وفد کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور کی گیٹڈ آبادیوں کو بھی ستھرا پنجاب کے دائرہ کار میں لانے کا فیصلہ

خالی پلاٹوں پر بلاوجہ کوڑا پھینکنے کی روش کی حوصلہ شکنی کرنا ہوگی، وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت اجلاس

لاہور میں ستھرا پنجاب کا دائرہ کار روز بروز وسیع کیا جا رہا ہے۔ کسی جگہ انسانی وسائل اور مشینری کی کمی ہوگی تو دور کریں گے: شعیب مرزا معاون خصوصی

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے لاہور کی گیٹڈ آبادیوں کو بھی ستھرا پنجاب کے دائرہ کار میں لانے کیلئے اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے تعاون کے ساتھ ہی صفائی کے اہداف کا حصول ممکن ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ خالی پلاٹوں پر بلاوجہ کوڑا پھینکنے کی روش کی حوصلہ شکنی کرنا ہوگی۔ وزیر بلدیات کی زیر صدارت ٹاؤن ہال میں اجلاس ہوا۔ لاہور میں اینٹی لٹرنگ کے لئے آگاہی مہم کے حوالے سے شہریوں کا فیڈ بیک لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ کے معاون خصوصی شعیب مرزا، ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن ریٹائرڈ اعجاز، ڈی جی ستھرا پنجاب اتھارٹی بابر صاحب دین اور وزیراعلیٰ کے فوکل پرسن برائے ستھرا پنجاب عاصم محمود نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ لاہور کے اسسٹنٹ کمشنرز نے (بقیہ نمبر 3)

خیبر میں لڑکیوں کے مدرسے پر آسمانی بجلی گرنے سے 20 طالبات زخمی، 3 کی حالت تشویشناک

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر میں خواتین کے مدرسے پر آسمانی بجلی گرنے کے واقعے میں 20 خواتین زخمی ہو گئیں جن میں تین کی حالت تشویشناک ہے۔ ذرائع کے مطابق ضلع خیبر کے علاقے پائندہ جبہ میں بارش کے دوران خواتین کے مدرسے پر آسمانی بجلی گرنے سے 20 خواتین زخمی ہوئیں

کوئٹہ، کوئٹہ میں زیر زمین آبی وسائل کی بہتری کے لیے منعقدہ مینیجڈ ایکویفیر ریچارج ورکشاپ کے شرکا کا گروپ فوٹو

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کی جدید ڈرون ٹیکنالوجی کے ذریعے صوبہ بھر میں ہمہ وقت موثر سرویلنس جاری

ڈرون ٹیکنالوجی کے موثر استعمال سے فیلڈ فورسز کی کارکردگی میں نمایاں بہتری اور جرائم کی روک تھام میں اضافہ ممکن ہوا، ترجمان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کی جدید ڈرون ٹیکنالوجی کے ذریعے صوبہ بھر میں ہمہ وقت موثر سرویلنس جاری ہے۔ ترجمان سیف سٹی کے مطابق ڈرون سرویلنس کے ذریعے ایمرجنسی 15 کالز، کرائم ہاٹ اسپاٹس، ٹریفک خلاف ورزیوں اور ماحولیاتی آلودگی پر بروقت اور موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ لاہور کے مختلف علاقوں میں ڈرون کے ذریعے کرائم ہاٹ اسپاٹس کی نشاندہی، ممکنہ جرائم کی پیشگی روک تھام کیلئے مسلسل مانیٹرنگ جاری ہے۔ بوڑھ والا چوک علامہ اقبال روڈ پر کوڑا جلانے کی فوری نشاندہی، بروقت کارروائی سے آگ پر مکمل قابو پا لیا گیا،

خیبر پختونخوا پولیس کے یونیفارم کے ڈیزائن میں تبدیلی کا فیصلہ

آئی جی کے پی نے پولیس یونیفارم ریگولیشنز 2026ء کے نفاذ کے احکامات جاری کر دیئے

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا پولیس کے یونیفارم کے ڈیزائن میں تبدیلی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ آئی جی کے پی نے پولیس یونیفارم ریگولیشنز 2026ء کے نفاذ کے احکامات جاری کر دیئے۔ پولیس دستاویز کے مطابق یونیفارم کا رنگ، ڈیزائن، بیجز، جوتے اور کیپ صوبے بھر میں یکساں ہوں گے۔ دستاویز میں کہا گیا کہ تمام اضلاع کے پولیس اہلکاروں کا یونیفارم بھی دیگر اضلاع جیسا ہوگا۔ دستاویز کے مطابق نئے یونیفارم رولز یکم جولائی 2026ء سے نافذ ہوں گے۔

پاکستانی فضائی حدود کی بندش بھارت کیلئے بڑا معاشی دھچکا ثابت

پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی پروازوں کو اضافی وقت درکار اور یومیہ اخراجات میں لاکھوں ڈالر اضافہ، سکیورٹی ذرائع

سری نگر (سٹاف رپورٹر) پہلگام فالس فلیگ کے بعد پاکستانی فضائی حدود کی بندش بھارت کیلئے بڑا معاشی دھچکا ثابت ہو گیا جبکہ پہلگام فالس فلیگ کی آڑ میں بلا جواز یکطرفہ اقدامات کے جواب میں پاکستان نے فضائی حدود کی بندش سے بھارت کو بڑا نقصان بھی پہنچایا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی پروازوں کو اضافی وقت درکار اور یومیہ اخراجات میں لاکھوں ڈالر اضافہ ہو رہا ہے، بھارت سے امریکہ اور یورپ جانے والی پروازوں کو طویل اور مہنگے روٹ استعمال کرنے پڑتے ہیں۔ پاکستانی حدود کی بندش کے باعث طویل روٹ کی بھارتی پروازوں کو راستے میں کسی دوسرے ملک سے ری فیولنگ بھی کرنا پڑتی ہے جبکہ پاکستانی فضائی حدود کی بندش سے بھارتی ایئر لائنز کو سالانہ 800 ملین ڈالر کا نقصان اٹھانا پڑ سکتا ہے۔ ماہرین کے مطابق بھارت پاکستان کیخلاف اپنے غیر منطقی اقدامات کا خمیازہ ناقابل تلافی معاشی نقصانات کی صورت میں بھگت رہا ہے تاہم پاکستان کی فضائی حدود کی بندش میں مزید توسیع سے بھارتی ایئر لائنز کو کئی ممالک کے روٹ ختم کرنا پڑیں (بقیہ نمبر 4)

اے این ایف کی کارروائیاں، افغان باشندے سمیت 8 ملزمان گرفتار

کارروائیاں لاہور، راولپنڈی، پشاور، اسلام آباد، پشین اور مانسہرہ میں کی گئیں، حکام

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے 7 مختلف کارروائیوں کے دوران 175.95 کلوگرام منشیات برآمد کر کے افغان باشندے سمیت 8 ملزمان گرفتار کر لئے۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں لاہور، راولپنڈی، پشاور، اسلام آبا